دیوبند، 31 مئی۔ چلکانہ روڈ پر واقع جامعہ دارالسلام ٹوڈر پور میں گزشتہ روز سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی، جس میں امسال نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو ٹرافی، اسناد اور خصوصی انعامات سے نواز کر ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ تقریب کی صدارت چودھری طاہر حسن پردھان نے کی جبکہ نظامت کے فرائض قاری ازہد نے انجام دیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چودھری محمد مبارک پردھان نے تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کامیاب طلبہ و طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں دینی اور دنیاوی دونوں علوم کی یکساں اہمیت ہے اور طلبہ کو دونوں میدانوں میں مہارت حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ وہ معاشرے میں مثبت کردار ادا کرسکیں۔ صدر تقریب چودھری طاہر حسن نے بھی تعلیم کی ضرورت اور افادیت پر تفصیلی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ دارالسلام علاقے میں دینی وعصری علوم کے فروغ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے ادارے کے ذمہ داران خصوصاً قاری زبیر احمد قاسمی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر مہمانوں کے ہاتھوں تمام نمایاں طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب کے اختتام پر ادارے کے روح رواں قاری زبیر احمد قاسمی نے تمام مہمانوں اور حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ادارے کی تعلیمی وتربیتی کارکردگی پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے سالانہ رپورٹ بھی پیش کی جسے حاضرین نے سراہا۔ اس سے قبل طلبہ و طالبات نے بھی بہترین ثقافتی اور تعلیمی پروگرام پیش کیے۔ تقریب میں چودھری دلشاد، چودھری اختر حسن، قاری عبدالرحمن، حاجی خورشید، حاجی عرفان، حاجی اکرام، قاری ثمریاب، ستیش شرما، ڈاکٹر لوکیش، ستپال، مانگے رام، حاجی محمد مکرم، عبدالماجد ٹھیکیدار، ڈاکٹر محمد اسلم سمیت بڑی تعداد میں معززین علاقہ موجود رہے۔ پروگرام کے کامیاب انعقاد میں نور محمد غالب، چودھری محمد مشارق، قاری عبدالقادر، میڈم دیپا، قاری اویس اور دیگر افراد نے اہم کردار ادا کیا۔

اے ایم یو کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ہال میں سالانہ تقریب کا اہتمام

علی گڑھ، 31 مئی۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ہال کی سالانہ تقریب نہایت جوش وخروش اور طلبہ، اساتذہ اور معزز مہمانوں کی فعال شرکت کے ساتھ منعقد کی گئی۔ مہمانوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے ہال کے پرووسٹ پروفیسر محمد طارق نے ہال کی نمایاں دستیابیوں پر روشنی ڈالی اور تعلیمی ورہائشی ماحول کو بہتر بنانے میں وارڈنز، مقیم طلبہ اور عملے کے ارکان کی خدمات کو سراہا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نیشنل لاء یونیورسٹی، لکھنؤ کے وائس چانسلر پروفیسر امر پال سنگھ نے قانون کی تعلیم میں اعلیٰ معیار کی تحقیق اور اخلاقی اقدار کے امتزاج کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ وہ پیشہ ورانہ دیانت داری کو برقرار رکھتے ہوئے علمی امتیاز حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ مہمان خاص مس ارم مجید، ڈائریکٹر، انڈین انسٹی ٹیوٹ آف آربیٹریشن اینڈ میڈیئیشن، نئی دہلی نے اپنے پیشہ ورانہ تجربات کی روشنی میں طلبہ کو تنازعات کے متبادل حل کے طریقہ کار اور قانونی پیشے کے ابھرتے ہوئے شعبوں میں مہارت حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ایس ڈبلیو پروفیسر محمد اطہر انصاری اور فائننس افسر جناب نورالسلام نے ہال کی متحرک علمی فضا کی ستائش کی اور طلبہ کو معیار کے حصول کی کوشش جاری رکھنے کی تلقین کی۔

اے ایم یو نے عظیم اردو شاعر اور پدم شری یافتہ ڈاکٹر بشیر بدر کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا

علی گڑھ، 31 مئی۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (اے ایم یو) نے اپنے ممتاز سابق طالب علم، عظیم اردو شاعر اور پدم شری اعزاز یافتہ ڈاکٹر بشیر بدر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ طویل علالت کے بعد 28 مئی 2026 کو بھوپال میں 91 برس کی عمر میں ان کا انتقال ہوا۔ ڈاکٹر بشیر بدر کو جدید اردو شاعری کی عظیم ترین آوازوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ وہ اپنے پیچھے ایک ایسا لازوال ادبی سرمایہ چھوڑ گئے ہیں جس نے نسلوں اور جغرافیائی سرحدوں سے ماورا ہو کر لاکھوں دلوں کو متاثر کیا۔ اپنی نہایت پُراثر غزلوں کے لیے معروف ڈاکٹر بشیر بدر نے روزمرہ کے جذبات اور بول چال کی زبان کو اردو شاعری کا حصہ بنا کر اسے وسیع حلقہ تک پہنچایا۔ ان کے یادگار اشعار، ''لوگ ٹوٹ جاتے ہیں ایک گھر بنانے میں، تم ترس نہیں کھاتے بستیاں جلانے میں'' اور ''اجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو، نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے'' برصغیر کی تہذیبی یادداشت کا حصہ بن چکے ہیں۔ ڈاکٹر بشیر بدر کا علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے غیر معمولی اور عمر بھر کا تعلق رہا۔ انہوں نے یونیورسٹی سے ایم اے اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں اور بعد ازاں شعبہ اردو میں لکچرر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ بعد میں وہ میرٹھ کالج سے وابستہ ہو گئے۔ یہ ایک منفرد اعزاز تھا کہ ان کی شاعری ان کے زمانۂ طالب علمی ہی میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے ایم اے نصاب میں شامل کر لی گئی، جو کم عمری میں ان کی غیر معمولی ادبی صلاحیتوں کا اعتراف تھا۔ ڈاکٹر بشیر بدر نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ایم اے اردو کے امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی اور 1973 میں اسی یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی مکمل کی۔ طالب علمی کے زمانے ہی میں وہ ایک باصلاحیت شاعر کے طور پر پہچانے جانے لگے تھے اور وقت کے ساتھ وہ معاصر اردو شاعری کی سب سے منفرد آوازوں میں شامل ہو گئے۔ ان کے متعدد اشعار ادبی کلاسیکی حیثیت اختیار کر چکے ہیں اور ہر عمر کے لوگوں میں یکساں طور پر پڑھے، سنے اور پسند کیے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر بشیر بدر علی گڑھ سے گہری وابستگی رکھتے تھے اور اکثر اس بات کا ذکر کرتے تھے کہ یونیورسٹی کے علمی اور ادبی ماحول نے ان کی شعری حس کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا۔ وہ جب بھی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی آتے، طلبہ، محققین اور مداحوں کی بڑی تعداد ان سے ملاقات اور گفتگو کے لیے جمع ہوتی تھی، کیونکہ ان کا کلام جدید اردو تہذیب کا ایک اہم حصہ بن چکا تھا۔ سعودی عرب میں فریضہ حج کی ادائیگی کے سلسلے میں موجود اے ایم یو وائس چانسلر پروفیسر نعیمہ خاتون نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے اپنے درخشاں ترین گوہروں میں سے ایک کو کھو دیا ہے، جن کی شاعری نے دنیا بھر میں یونیورسٹی کا نام اور وقار بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر بشیر بدر نے نہ صرف اپنی مادرِ علمی کے لیے بے شمار اعزازات حاصل کیے بلکہ اپنی ایسی شاعری کے ذریعے اردو ادب کی بے مثال خدمت انجام دی جس میں سادگی اور فکری گہرائی کا حسین امتزاج پایا جاتا ہے اور جو آنے والی نسلوں کو بھی متاثر کرتی رہے گی۔ قائم مقام وائس چانسلر پروفیسر محمد محسن خان نے کہا کہ ڈاکٹر بشیر بدر نے اپنی منفرد غزلوں اور اشعار کے ذریعے اردو ادب کو مالا مال کیا اور وہ ہمیشہ ایک عظیم شاعر اور ممتاز علیگ کے طور پر یاد رکھے جائیں گے جنہوں نے اپنی مادرِ علمی کا نام روشن کیا۔ چیئرمین، شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، پروفیسر قمر الہدیٰ فریدی نے کہا کہ ڈاکٹر بشیر بدر کا انتقال اردو ادب کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے اور قارئین وطلبہ کی نسلیں ان کی شاعری سے ہمیشہ رہنمائی اور تحریک حاصل کرتی رہیں گی۔ ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے سرفراز ڈاکٹر بشیر بدر کے متعدد شعری مجموعے شائع ہوئے، جن میں ''آس''، ''آہٹ''، ''آمد'' اور ''کلیاتِ بشیر بدر'' شامل ہیں۔ ڈاکٹر بشیر بدر کا انتقال اردو ادب کے ایک عہد کے خاتمہ کی علامت ہے، ان کے اشعار آنے والی نسلوں کے دلوں اور ذہنوں کو روشن کرتے رہیں گے۔ اے ایم یو برادری ان کی مغفرت، بلندیٔ درجات اور ابدی سکون کے لیے دعا گو ہے۔

اے ایم یو میں عالمی یوم انسدادِ تمباکو کے موقع پر بیداری مہمات کا انعقاد

علی گڑھ، 31 مئی۔ جواہر لعل نہرو میڈیکل کالج، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے پبلک ہیلتھ ڈنٹسٹری اور سائیکیاٹری کے شعبہ جات نے عالمی یومِ انسدادِ تمباکو 2026 کے موقع پر بیداری پروگراموں کی ایک مہم منعقد کی، جس کا مقصد طلبہ اور عوام کو تمباکو کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور تمباکو سے پاک طرزِ زندگی کو فروغ دینا تھا۔ شعبہ پبلک ہیلتھ ڈنٹسٹری نے ''تمباکو سے پاک اسکول مہم'' کا اختتامی پروگرام منعقد کیا۔ یہ مہم 22 اپریل سے 8 مئی تک علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے 6 اسکولوں بشمول ایس ٹی ایس اسکول، اے بی کے ہائی اسکول (طلبہ وطالبات)، اے ایم یو گرلز اسکول، راجا مہندر پرتاپ سنگھ اے ایم یو سٹی اسکول اور سٹی گرلز ہائی اسکول میں چلائی گئی تھی۔ اس دوران صحت پر تمباکو کے مضر اثرات سے متعلق آگہی پیدا کرنے کے لیے تقریریں ہوئیں اور کوئز، نعرہ نویسی اور پوسٹر سازی کے مقابلے منعقد ہوئے۔ اختتامی تقریب میں فیکلٹی آف میڈیسن کے ڈین پروفیسر محمد خالد، ضیاء الدین احمد ڈینٹل کالج کے پرنسپل پروفیسر آر کے تیواری، پروفیسر گیتا راجپوت، پروفیسر مہندر کمار جندل، پروفیسر محمد طارق اور پروفیسر اشوک کمار بطور خاص شامل ہوئے۔ اس موقع پر فورٹس گریٹر نوئیڈا کے سینئر کنسلٹنٹ اور ہیڈ اینڈ نیک سرجیکل آنکولوجی کے سربراہ، نیز اے ایم یو کے سابق طالب علم، ڈاکٹر امبیش سنگھ نے تمباکو نوشی کے نقصانات، منہ کے سرطان سے بچاؤ اور بیماری کی بروقت تشخیص کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ مہم کے تحت منعقدہ مختلف مقابلوں کے کامیاب طلبہ کو انعامات سے نوازا گیا، جبکہ شریک اسکولوں کے پرنسپل صاحبان کو تمباکو کے خلاف بیداری مہم میں تعاون پر اعزازات پیش کیے گئے۔ شعبہ کی جانب سے ڈائریکٹر، اسکول ایجوکیشن پروفیسر قدسیہ تحسین کے تعاون کا بھی اعتراف کیا گیا اور چیئرپرسن شعبہ پبلک ہیلتھ ڈنٹسٹری پروفیسر نیہا اگروال، ڈاکٹر پرمود کمار یادو، ڈاکٹر سید امان علی اور پروگرام کے انعقاد میں شریک پی جی طلبہ کی خدمات کو سراہا گیا۔ دوسری جانب شعبہ سائیکیاٹری نے طلبہ، طبی ماہرین، مریضوں اور عام لوگوں کے درمیان ایک بیداری مہم شروع کی، جس میں تمباکو کے جسمانی، نفسیاتی اور سماجی نقصانات پر روشنی ڈالی گئی۔ حاضرین کو بتایا گیا کہ تمباکو سرطان، قلبی امراض، فالج اور دائمی امراض تنفس کا ایک بڑا سبب ہے اور ہندستان میں ہر سال تقریباً 5.13 لاکھ اموات تمباکو کے استعمال سے منسوب کی جاتی ہیں۔

موسم گرما کیلئے خصوصی ریل گاڑیاں۔ 2026

ریل مسافروں کی سہولت کیلئے اس موسم گرما کیلئے اتر ریلوے کے ذریعہ مختلف موسم گرما سپیشل ریل گاڑیاں چلائی جارھی ھیں، جن کی تفصیلات مندرجہ ذیل مطابق ھے:۔

ریل گاڑی نمبر	سٹیشن سے	روانگی کا وقت	سٹیشن تک	آمد کا وقت	چلنے کی تاریخ
01492	حضرت نظام الدین	21:25	پونے جنکشن	23:55	11.07.2026 تک
01706	ایودھیادھام	13:30	جبلپور	06:45	15.07.2026 تک
02398	آنندوھار (ٹرمینل)	13:30	شیخ پورہ	14:45	13.07.2026 تک
02564	نئی دھلی	17:55	برونی جنکشن	15:10	15.07.2026 تک
02570	نئی دھلی	12:15	دربھنگہ جنکشن	10:00	15.07.2026 تک
02878	آنندوھار (ٹرمینل)	19:30	رانچی	19:10	28.06.2026 تک
03010	آنندوھار (ٹرمینل)	15:00	ڈان کونی	23:30	28.06.2026 تک
03258	آنندوھار (ٹرمینل)	05:00	داناپور	20:45	13.07.2026 تک
03294	نئی دھلی	14:15	پٹنہ جنکشن	12:25	16.07.2026 تک
03310	دھلی جنکشن	11:45	دھن آباد جنکشن	13:00	12.07.2026 تک
03312	چنڈی گڑھ	05:40	دھن آباد جنکشن	11:00	14.07.2026 تک
03436	آنندوھار (ٹرمینل)	14:50	مالدہ ٹاون	22:30	30.06.2026 تک
03640	شکور بستی	21:10	دھن آباد جنکشن	23:45	14.07.2026 تک
03698	آنندوھار (ٹرمینل)	13:30	شیخ پورہ	14:45	15.07.2026 تک
04002	حضرت نظام الدین	23:45	دادر	22:40	14.07.2026 تک
04008	آنندوھار (ٹرمینل)	08:30	جوگ بنی	15:00	11.07.2026 تک
04010	دھلی جنکشن	23:05	سیتامڑھی	23:30	09.07.2026 تک
04014	آنندوھار (ٹرمینل)	15:40	لوکھا بازار	20:15	15.07.2026 تک
04028	آنندوھار (ٹرمینل)	09:15	مظفر پور جنکشن	04:30	12.06.2026 تک
04030	آنندوھار (ٹرمینل)	09:00	مظفر پور جنکشن	04:30	15.07.2026 تک
04052	نئی دھلی	18:15	ھوڑہ جنکشن	23:40	10.07.2026 تک
04062	دھلی جنکشن	11:45	بھاگلپور جنکشن	13:30	14.07.2026 تک
04064	نئی دھلی	11:00	گیا جنکشن	07:15	13.07.2026 تک
04066	آنندوھار (ٹرمینل)	00:30	کھوردھا روڈ جنکشن	11:30	08.06.2026 تک
04070	آنندوھار (ٹرمینل)	00:20	شیخ پورہ	23:30	14.07.2026 تک
04072	نئی دھلی	21:35	سپول	06:35	15.07.2026 تک
04081	نئی دھلی	23:45	شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ	12:00	15.07.2026 تک
04082	شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ	21:00	ننئی دھلی	10:00	16.07.2026 تک
04088	نئی دھلی	15:50	داناپور	12:45	15.07.2026 تک
04124	حضرت نظام الدین	15:45	پریاگ راج جنکشن	09:10	29.06.2026 تک
04203	لکھنؤ	08:05	نئی دھلی	18:30	13.07.2026 تک
04204	نئی دھلی	20:20	لکھنؤ	06:35	13.07.2026 تک
04209	وارانسی	22:15	دھلی جنکشن	13:30	15.07.2026 تک
04210	دھلی جنکشن	19:25	وارانسی	09:50	16.07.2026 تک
04212	سلطان پور	04:00	لوک مانیہ تلک (ٹرمینل)	12:20	15.07.2026 تک
04213	ایودھیا کینٹ	18:20	آنندوھار (ٹرمینل)	06:00	12.07.2026 تک
04214	آنندوھار (ٹرمینل)	09:00	ایودھیا کینٹ	22:00	13.07.2026 تک
04216	سلطان پور	04:00	سابرمتی بی۔جی	07:20	12.07.2026 تک
04226	وارانسی	01:35	لوک مانیہ تلک (ٹرمینل)	12:20	09.07.2026 تک
04227	وارانسی	11:05	چنڈی گڑھ	04:20	12.07.2026 تک
04228	چنڈی گڑھ	06:00	وارانسی	00:55	13.07.2026 تک
04312	یوگ نگری رشی کیش	22:20	کولکاتہ	08:00	10.07.2026 تک
04314	یوگ نگری رشی کیش	15:20	مظفر پور جنکشن	11:20	12.07.2026 تک
04316	یوگ نگری رشی کیش	15:20	گورکھپور	06:20	14.07.2026 تک
04512	چنڈی گڑھ	23:35	پٹنی جنکشن	21:15	09.07.2026 تک
04519	وارانسی	20:40	بھٹنڈہ جنکشن	17:00	16.07.2026 تک
04520	بھٹنڈہ جنکشن	20:50	وارانسی	17:30	15.07.2026 تک
04610	امرتسر	20:10	برونی جنکشن	02:10	12.07.2026 تک
04616	فیروزپور کینٹ	12:00	پٹنہ جنکشن	18:35	14.07.2026 تک
04624	امرتسر	20:10	کولکاتہ	15:00	29.06.2026 تک
04652	امرتسر	10:55	جئے نگر	20:00	15.07.2026 تک
04812	ھردوار جنکشن	05:15	باڑمیر	07:30	17.07.2026 تک
05058	دھلی جنکشن	14:00	گورکھپور	06:25	15.07.2026 تک
05102	نئی دھلی	09:45	گورکھپور	01:00	12.07.2026 تک
05194	پٹھانکوٹ	00:30	چھپرہ	09:15	15.07.2026 تک
05220	آنندوھار (ٹرمینل)	12:00	مظفر پور جنکشن	09:45	11.07.2026 تک
05302	انبالہ کینٹ	01:40	مؤ جنکشن	23:00	17.07.2026 تک
05576	آنندوھار (ٹرمینل)	05:15	سہرسہ جنکشن	09:05	16.07.2026 تک
05580	آنندوھار (ٹرمینل)	05:15	پورنیا کورٹ	11:30	14.07.2026 تک
06598	یوگ نگری رشی کیش	17:55	یشونت پور جنکشن	19:45	11.07.2026 تک
07364	یوگ نگری رشی کیش	06:15	ایس ایس ایس ھُبّلی جنکشن	06:30	02.07.2026 تک
08744	ھردوار جنکشن	18:55	درگ	03:00	29.06.2026 تک
09094	ایودھیا کینٹ	14:45	اُدھنا جنکشن	17:15	01.08.2026 تک
09098	ایودھیا کینٹ	13:30	اُدھنا جنکشن	17:30	29.07.2026 تک
09258	شکور بستی	13:15	بھاونگر (ٹرمینل)	08:50	27.06.2026 تک
09272	ھردوار جنکشن	16:25	بھاونگر (ٹرمینل)	04:35	01.06.2026 کو
09310	حضرت نظام الدین	08:20	اندور جنکشن	21:00	29.06.2026 تک
09426	ھردوار جنکشن	21:30	سابرمتی بی۔جی۔	22:30	30.06.2026 تک
09524	شکور بستی	13:15	اوکھا	13:00	01.07.2026 تک
09610	یوگ نگری رشی کیش	17:55	اودے پور سٹی	15:30	01.07.2026 تک

مذکورہ ریل گاڑیوں کے راستے میں آنے والے ٹھہراؤوں اور نظام اوقات کے لئے برائے مہربانی ریل مدد ھیلپ لائن نمبر 139 ڈائل کریں یا ریل گاڑی انکوائری ویب سائٹ www.enquiry.indianrail.gov.in دیکھیں

اتر ریلوے
آپ کی سہولت۔ ھمارا نصب العین
ھمیں www.nr.indianrailways.gov.in پر ملیں

پر ھمیں فالو کریں

ریل مدد ھیلپ لائن نمبر
139

ریل مدد ویب سائٹ دیکھیں:
www.railmadad.indianrailways.gov.in
ریل مدد ایپ ڈاون لوڈ کریں

گراھکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

اتر پردیش کے 46 اضلاع میں آندھی طوفان کا الرٹ، 14 اضلاع میں شدید بارش کی وارننگ

لکھنؤ، 31 مئی۔نوتپا کی شدید گرمی کے درمیان اتر پردیش میں موسم نے اچانک کروٹ لے لی ہے۔محکمہ موسمیات نے ہفتے کے روز ریاست کے 46 اضلاع میں تیز آندھی، گرج چمک اور آسمانی بجلی گرنے کا اورنج الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ 14 اضلاع میں شدید بارش کی وارننگ دی گئی ہے ۔ جمعرات کی دیر رات سے سرگرم ہونے والے مغربی ہواؤں کے دباؤ اور خلیج بنگال وبحیرہ عرب سے آنے والی نم ہواؤں کے اثر سے ریاست کے کئی حصوں میں تیز ہوائیں چلیں، گرج چمک ہوئی اور بارش ریکارڈ کی گئی۔ دارالحکومت لکھنؤ سمیت مغربی اور مشرقی اتر پردیش کے کئی اضلاع میں موسم خوشگوار ہوگیا۔ترائی کے علاقے میں بھی اچھی بارش درج کی گئی، جبکہ مغربی اتر پردیش کے کچھ علاقوں میں اولے بھی پڑے۔محکمہ موسمیات کے مطابق، جمعہ کو ریاست کے کئی اضلاع میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے 8 ڈگری سیلسیس تک کم ریکارڈ کیا گیا۔ بارابنکی، سیتاپور، کانپور، ہردوئی، مرادآباد اور بریلی سمیت کئی اضلاع میں تیز بارش اور آندھی کی وجہ سے لوگوں کو شدید گرمی سے راحت ملی۔ تاہم، خراب موسم کے باعث جانی نقصان کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 6 افراد کی موت کے بعد آندھی طوفان سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 31 ہوگئی ہے۔مشرقی اتر پردیش میں جمعہ کے روز مرزاپور میں سب سے زیادہ 100 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔اس کے بعد ایودھیا میں 90 ملی میٹر، پریاگ راج میں 61 ملی میٹر، اناؤ میں 59 ملی میٹر اور سدھارتھ نگر میں 51 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ مغربی اتر پردیش میں سہارنپور سب سے زیادہ بارش والا ضلع رہا، جہاں 32 ملی میٹر بارش ہوئی۔ ہاتھرس میں 30 ملی میٹر جبکہ بجنور، ہمیر پور اور جالون میں 20-20 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔ سیتاپور، بدایوں اور جھانسی سمیت کئی اضلاع میں ژالہ باری (اولے گرنے) کی بھی اطلاع ہے۔محکمہ موسمیات نے ہفتے کے روز باندہ، چترکوٹ، کوشامبی، پریاگ راج، فتح پور، سون بھدر، مرزاپور، سنت روی داس نگر (بھدوہی)، دیوریا، گورکھپور، سنت کبیر نگر، بستی، کشی نگر، مہاراج گنج، سدھارتھ نگر، گونڈہ، بلرام پور، شراوستی، بہرائچ، لکھیم پور کھیری، سیتاپور، کانپور دیہات، کانپور نگر، سہارنپور، شاملی، مظفرنگر، میرٹھ، آگرہ، فیروزآباد، مین پوری، اٹاوہ، اوریا، بجنور، امروہہ، مرادآباد، رام پور، بریلی، پیلی بھیت، شاہجہاں پور، سنبھل، بدایوں، جالون، ہمیر پور، مہوبہ، جھانسی اور للت پور اضلاع میں 50 سے 70 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے، گرج چمک اور بجلی گرنے کا اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔اس کے علاوہ باندہ، بجنور، امروہہ، مرادآباد، رام پور، بریلی، پیلی بھیت، شاہجہاں پور، سنبھل، بدایوں، ہمیر پور، مہوبہ، جھانسی اور للت پور اضلاع میں شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے ۔ علاقائی محکمہ موسمیات کے سینئر سائنسدان اتل کمار سنگھ نے بتایا کہ سرگرم مغربی ڈسٹربس اور سمندری نمی کی وجہ سے موسم میں یہ بڑی تبدیلی آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ لکھنؤ سمیت ریاست کے بیشتر حصوں میں اگلے چند دنوں تک لو (ہیٹ ویو) سے راحت ملنے کا امکان ہے۔ ہفتے کے روز دارالحکومت میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بوندا باندی ہو سکتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ جمعہ کے روز لکھنؤ کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 4.4 ڈگری سیلسیس کی گراوٹ کے ساتھ 33 ڈگری سیلسیس اور کم سے کم درجہ حرارت 4.6 ڈگری سیلسیس گر کر 20.9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ اسی دوران، محکمہ موسمیات نے سال 2026 کے مونسون کے بارے میں اشارہ دیا ہے کہ ایل نیو کے اثرات کی وجہ سے اس سال ریاست میں معمول سے تقریباً 10 فیصد کم بارش ہوسکتی ہے۔

جون کے مہینے میں زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے اور عام دنوں کے مقابلے دو سے تین بار زیادہ لو کے دور چلنے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔

ایندھن بچت اور ماحولیاتی تحفظ کا پیغام دینے سائیکل سے عدالت پہنچے عدالتی افسران

لکھنؤ، 31 مئی۔ایندھن کی بچت اور ماحولیاتی تحفظ کے تئیں عوامی بیداری بڑھانے کے مقصد سے ہفتہ کو ضلع لکھنؤ کے عدالتی افسران نے سائیکل سے عدالت پہنچ کر سماج کو ایک مثبت پیغام دیا۔ ضلع جج لکھنؤ ملکھان سنگھ کی قیادت میں تمام عدالتی افسران صبح ڈالی باغ میں واقع سیشن ہاؤس سے سائیکل کے ذریعے عدالت کے لیے روانہ ہوئے۔ ضلع جج ملکھان سنگھ نے بتایا کہ موجودہ حالات میں ایندھن کا تحفظ اور ماحولیاتی تحفظ انتہائی اہم موضوعات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ہفتہ کو عدالتی افسران سائیکل سے عدالت آئیں گے اور جو افسران سائیکل نہیں چلا سکتے، وہ بیٹری رکشہ کا استعمال کریں گے۔ اس پہل کا مقصد نہ صرف ایندھن کی بچت کرنا ہے، بلکہ عام لوگوں کو ماحول کے تئیں ان کی ذمہ داریوں کے لیے راغب کرنا بھی ہے۔ یہ مہم چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ ارون بھنسالی کی رہنمائی میں شروع کی گئی ہے۔مہم کا آغاز 22 مئی 2026 کو انتظامی جج لکھنؤ راجیش سنگھ چوہان نے ہری جھنڈی دکھا کر کیا تھا۔ ضلع جج ملکھان سنگھ کی قیادت میں عدالتی افسران نے عہد لیا ہے کہ ہر ہفتہ کو تمام عدالتی افسران سائیکل سے عدالت پہنچیں گے۔

بجلی پر دس فیصد اضافی فیول سرچارج کا فیصلہ واپس لے حکومت: اجے رائے

لکھنؤ، 31 مئی۔اتر پردیش کانگریس کے صدر اجے رائے نے بجلی صارفین پر 10 فیصد اضافی فیول سرچارج لگائے جانے کے فیصلے کی سخت مخالفت کرتے ہوئے اسے فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی سے پریشان عوام پر یہ اضافی معاشی بوجھ ڈالنا عوامی مفاد کے سراسر خلاف ہے ۔اجے رائے نے ہفتے کے روز وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کو ایک خط لکھ کر کہا کہ کانگریس پارٹی عام عوام اور کسانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور بجلی کے نرخوں میں اضافے کے اس فیصلے کی مخالفت کرتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے عوام پہلے ہی پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور روزمرہ کی اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے نالاں ہیں۔ ایسے وقت میں جون 2026 سے بجلی کے بلوں پر 10 فیصد اضافی فیول سرچارج لاگو کرنا عام صارفین اور کسانوں کی معاشی حالت کو مزید ابتر بنا دے گا۔کانگریس کے ریاستی صدر نے الزام لگایا کہ حکومت ایک طرف 24 گھنٹے بلا تعطل بجلی کی فراہمی کا دعویٰ کرتی ہے ، تو دوسری طرف دارالحکومت لکھنؤ سمیت ریاست کے مختلف علاقوں میں بجلی کی کٹوتی، ٹرانسفارمروں کی خرابی، فیڈر فیل ہونے اور سپلائی میں رکاوٹ جیسے مسائل مسلسل سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر دارالحکومت کا یہ حال ہے تو دیہی اور دور دراز علاقوں کی صورتحال کا باآسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔انہوں نے اتر پردیش الیکٹرسٹی ریگولیٹری کمیشن (یو پی ای آرسی) کے کردار پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ کمیشن کا مقصد صارفین کے مفادات کا تحفظ کرنا ہے ، لیکن بجلی صارفین کی شکایات، اسمارٹ میٹر کے تنازعات اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے طریقہ کار کو لے کر اب تک کوئی خاطر خواہ راحت نہیں مل سکی ہے ۔ اجے رائے نے کہا کہ ریاست میں بجلی کے بحران، غیر اعلانیہ کٹوتی، تقسیم کے نظام کی خامیوں اور اسمارٹ میٹر کے تنازعات کے بیچ بجلی کے نرخوں پر اضافی بوجھ ڈالنا کسی بھی طرح درست نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ اتر پردیش پاور کارپوریشن لمیٹڈ (یو پی پی سی ایل) کی طرف سے تجویز کردہ فیول سرچارج میں اضافے کا براہِ راست اثر صارفین کے ماہانہ بجٹ پر پڑے گا۔انہوں نے وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ حکومت صرف دعووں اور اعلانات تک محدود نہ رہے، بلکہ بجلی کے نظام میں حقیقی اصلاحات، جوابدہی اور شفافیت کو یقینی بنائے۔ساتھ ہی وسیع تر عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے 10 فیصد اضافی فیول سرچارج لگانے کے فیصلے کو فوری طور پر واپس لے کر عام عوام اور کسانوں کو راحت فراہم کرے ۔کانگریس کے ریاستی صدر نے واضح کیا کہ شدید مہنگائی کے اس دور میں بجلی کے چارجز میں یہ اضافی اضافہ عام شہریوں پر ایک اور گہرا معاشی وار ثابت ہوگا، جسے کسی بھی صورت میں جائز نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔

حج-2026 کے عازمینِ حج کی واپسی 01 سے 17 جون 2026 تک ہوگی

لکھنؤ، 31 مئی۔حج-2026 کی لکھنؤ پرواز کی جگہ (ایئرپورٹ) سے واپسی کی پروازیں تاریخ 01 جون 2026 کو رات 15:10 بجے سے آنا شروع ہوں گی، جو 17 جون 2026 تک جاری رہیں گی۔حج مسافروں کو ریسیو کرنے چودھری چرن سنگھ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر آنے والے ان کے اہل خانہ اور رشتہ داروں سے گزارش ہے کہ فی الحال ایئرپورٹ پر تعمیراتی کام چل رہا ہے، جس کی وجہ سے عازمینِ حج کو لینے کے لیے کم سے کم لوگ ایئرپورٹ پہنچیں۔ پارکنگ کی جگہ بھی کم ہونے کی وجہ سے گزارش ہے کہ گاڑیوں کی پارکنگ کے لیے پرواز پہنچنے کے وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے ہی پہنچیں تاکہ تعمیراتی کام کے باعث ایئرپورٹ پر کم جگہ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی پارکنگ میں مسئلہ نہ ہو اور جام کی صورتحال نہ بنے۔اگر عازمینِ حج کے رشتہ داروں کو گاڑی تھوڑی دیر کے لیے پارک کرنی ہو تو وہ اپنی گاڑی حج ہاؤس، سروجنی نگر، لکھنؤ میں پارک کر سکتے ہیں۔

یوپی (اتر پردیش) کے 40.1 لاکھ سے زیادہ اسکولوں کا ہوگا سیفٹی آڈٹ

لکھنؤ، 31 مئی۔ اتر پردیش حکومت نے اسکول کے بچوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے ریاست کے تمام سرکاری اور امداد یافتہ (ایڈڈ) اسکولوں میں جامع حفاظتی آڈٹ اور خطرات کے جائزے (رسک اسیسمنٹ) کا فیصلہ کیا ہے۔ اس اقدام کے تحت ریاست کے 555,40,1 سے زیادہ تعلیمی اداروں کے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا۔حکام کے مطابق، اس مہم میں پرائمری، اپر پرائمری، کمپوزٹ، سیکنڈری اسکولوں اور کستوربا گاندھی آواسیہ بالیکا ودیالیہ (رہائشی گرلز اسکولوں) کو شامل کیا گیا ہے۔حکومت کا مقصد لاکھوں طلبہ کو زیادہ محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔اس منصوبے کے تحت ریاست کے تمام اضلاع میں اسکولوں کا سائنسی اور تکنیکی معیارات کی بنیاد پر معائنہ کیا جائے گا۔ اس دوران اسکول کی عمارتوں کی ساختی (اسٹرکچرل) حالت، فائر سیفٹی، الیکٹریکل سیفٹی، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی تیاریوں، صفائی ستھرائی کی سہولیات، آمد و رفت (انٹری اور ایگزٹ) کے راستوں اور احاطے کی مجموعی سیکیورٹی کا تفصیلی معائنہ کیا جائے گا۔ ساتھ ہی، ممکنہ خطرات کی نشان دہی کر کے ان کے تدارک کے لیے تفصیلی تجاویز بھی تیار کی جائیں گی۔اس پروجیکٹ کے نفاذ کے لیے محکمہ بنیادی تعلیم اور سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے جمعہ کے روز مرکزی حکومت کے گورنمنٹ ای-مارکیٹ پلیس پورٹل کے ذریعے منتخب کردہ ایجنسی بنیٹ کولمین اینڈ کمپنی لمیٹڈ (بی سی ایل) کے ساتھ معاہدہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل برائے اسکول ایجوکیشن مونیکا رانی، انچارج ڈائریکٹر سیکنڈری ایجوکیشن سریندر کمار تیواری، ڈائریکٹر بیسک ایجوکیشن پرتاپ سنگھ بگیل کے علاوہ بی سی ایل کے چیف بزنس آفیسر کلدیپ پاٹھک اور چیف مینیجر و ریجنل ہیڈ برجیش کمار مشرا موجود تھے ۔حکام نے بتایا کہ یہ پروگرام محض حفاظتی معیارات کا جائزہ لینے تک محدود نہیں رہے گا، بلکہ اسکولوں میں تحفظ سے متعلق بیداری اور خطرات کے انتظام (رسک مینجمنٹ) کا طویل مدتی نظام تیار کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔اس سے طلبہ، اساتذہ اور والدین کا اعتماد مضبوط ہوگا اور معیاری تعلیم کے لیے ایک محفوظ ماحول تیار ہوگا۔سروس فراہم کرنے والی ایجنسی ہر اسکول میں حفاظت سے متعلق خطرات کی نشان دہی کرے گی اور اصلاحی اقدامات کی سفارش کرے گی، تاکہ مستقبل میں ممکنہ حادثات کو روکا جا سکے اور طلبہ کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کو یقینی بنایا جا سکے۔ ریاستی حکومت کا ہدف اتر پردیش کے ہر سرکاری اور امداد یافتہ اسکول میں تحفظ کے اعلیٰ ترین معیارات قائم کرنا ہے ۔ حکام کا ماننا ہے کہ یہ اقدام ریاست کے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ اتر پردیش کو طلبہ دوست اور محفوظ اسکولی تعلیم کے ایک ماڈل اسٹیٹ کے طور پر قائم کرنے کی سمت میں ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔

سوریا چوہان قتل کیس کے مجرموں کو ملے سخت سزا: مایاوتی

لکھنؤ، 31 مئی۔بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) صدر مایاوتی نے غازی آباد ضلع کے کھوڑا علاقے میں نوجوان سوریا چوہان کے قاتلوں کو سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے ۔محترمہ مایاوتی نے قتل کے واقعے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور تشویشناک بتایا اور ریاستی حکومت سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔سوشل میڈیا پر جاری بیان میں مایاوتی نے کہا کہ یوپی کے ضلع غازی آباد میں کھوڑا کے ایک نوجوان سوریا چوہان کے قتل کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور تشویشناک ہے ۔ اس طرح کے واقعات آئے دن سامنے آرہے ہیں، جن کی روک تھام کے لیے حکومت اور انتظامیہ کو ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس قتل کیس میں ملوث مجرموں کی شناخت کر کے انہیں قانونی طور پر سخت سزا دی جائے۔ بی ایس پی سربراہ کا یہ بیان ایسے وقت میں آیا ہے جب ریاست میں امن و امان اور جرائم پر قابو پانے کے حوالے سے سیاسی بحث تیز ہے۔ پولیس انتظامیہ سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اس معاملے کی غیر جانبدارانہ جانچ کر کے مجرموں کو جلد گرفتار کرے۔

اتر پردیش میں مہنگی بجلی کا جھٹکا، جون کے بل میں لگے گا 10 فیصد فیول سرچارج

لکھنؤ، 31 مئی۔ اتر پردیش کے کروڑوں بجلی صارفین کو جون کے مہینے میں بجلی کے زائد بلوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔اتر پردیش پاور کارپوریشن لمیٹڈ (یو پی پی سی ایل) نے پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کو مارچ 2026 کے بڑھے ہوئے بجلی کی خریداری اور ترسیلی اخراجات (پاور پرچیز اینڈ ٹرانسمیشن کاسٹ) کی تلافی کے لیے جون 2026 کے بلوں میں 10 فیصد فیول اینڈ پاور پرچیز ایڈجسٹمنٹ سرچارج وصول کرنے کی ہدایات دی ہیں۔ جمعہ کی دیر رات جاری کردہ آرڈر کے مطابق، مارچ 2026 کے لیے طے شدہ یہ سرچارج جون کے بجلی کے بلوں میں شامل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق جولائی کے مہینے میں بھی اسی طرح کا 10 فیصد سرچارج وصول کیا جا سکتا ہے، جس سے صارفین پر اضافی معاشی بوجھ پڑنے کا اندیشہ ہے ۔ ریاست میں تقریباً 73.3 کروڑ بجلی کے صارفین ہیں اور اس فیصلے کا براہِ راست اثر گھریلو، تجارتی (کمرشل) اور دیگر زمروں کے صارفین پر پڑے گا۔ اتر پردیش اسٹیٹ الیکٹریسٹی کنسیومر کونسل کے صدر اور ریاستی مشاورتی کمیٹی کے رکن اودھیش کمار ورما نے اس فیصلے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ فروری 2026 میں بھی 10 فیصد فیول سرچارج لگایا گیا تھا۔انہوں نے الزام لگایا کہ شدید گرمی، بجلی کے بحران، مہنگائی اور پیٹرول، ڈیزل اور روزمرہ کی اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے درمیان بجلی کے نرخوں میں یہ اضافی اضافہ عام صارفین کے لیے بڑی پریشانی کا باعث بنے گا۔مسٹر ورما نے دعویٰ کیا کہ الیکٹرسٹی ریگولیٹری کمیشن (یو پی ای آرسی) کے ٹیرف آرڈر میں منظور شدہ بجلی کی اصل قیمت 94.4 روپے فی یونٹ تھی، جبکہ مارچ 2026 میں بجلی کی خریداری کی قیمت تقریباً 86.5 روپے فی یونٹ دکھا کر صارفین پر تقریباً 610,1 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ ڈالا گیا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس بات کی غیر جانبدارانہ انکوائری ہونی چاہیے کہ مارچ 2026 میں کن نجی بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں (پرائیویٹ پاور جنریشن کمپنیوں) سے مہنگی بجلی خریدی گئی اور کن حالات میں خریدی گئی۔صارفین کونسل کا الزام ہے کہ مارچ کے مہینے کے فیول سرچارج میں گزشتہ مدت کے تقریباً 400,1 کروڑ روپے کے کلیمز کو بھی شامل کیا گیا ہے ، جس سے صارفین پر بوجھ بڑھا ہے ۔کونسل نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ریاست کی بجلی کمپنیوں کے پاس پہلے ہی 000,51 کروڑ روپے سے زیادہ کا کنزیومر سرپلس موجود ہے، لہٰذا اضافی سرچارج لگانے سے پہلے اس معاملے کو اتر پردیش الیکٹرسٹی ریگولیٹری کمیشن کے سامنے رکھا جانا چاہیے تھا۔کونسل نے اس مسئلے کو فوری طور پر یو پی ای آر سی کے سامنے اٹھانے اور فیول سرچارج سے متعلق قوانین میں ضروری ترمیم کا مطالبہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی وزیر اعلیٰ اور وزیر توانائی سے فروری اور مارچ 2026 کے فیول سرچارج کی بنیاد پر کیے گئے 10 فیصد اضافے کو فوری طور پر روکنے اور پورے معاملے کی اعلیٰ سطحی جانچ کرانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

دہشت گردی کے الزام میں گرفتار مسلم نوجوانوں کی ضمانت لکھنؤ ہائی کورٹ نے منظور کی

جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) نے ملزمین کو قانونی امداد فراہم کی

لکھنؤ، 31 مئی۔ اتر پردیش اے ٹی ایس کی جانب سے دہشت گردی کے سنگین الزام کے تحت گرفتار سہانپور کے اظہر الدین چراغ الدین نامی ملزم کی گذشتہ کل لکھنؤ ہائیکورٹ نے مشروط ضمانت منظور کی۔ملزم کو یو پی اے ٹی ایس نے 29/دسمبر 2022ء کو القاعدہ نامی ممنوع تنظیم کے رکن ہونے اور ہندوستان میں دہشت گردانہ کارروائیاں انجام دینے کے الزام کے تحت گرفتار کیا تھا۔ملزم اظہر الدین کو جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) قانونی امداد کمیٹی نے قانونی امداد فراہم کی ہے۔لکھنؤ ہائی کورٹ میں ملزم کا دفاع ایڈوکیٹ عارف علی اور ایڈوکیٹ فرقان پٹھان نے کیا۔لکھنؤ ہائی کورٹ کی دو رکنی بینچ کے جسٹس راجیش سنگھ چوہان اور جسٹس ظفیر احمد نے ایڈوکیٹ عارف علی کے دلائل کی سماعت کرتے ہوئے ملزم اظہر الدین کو مشروط ضمانت پر رہا کیئے جانے کا حکم جاری کیا۔دوران سماعت ایڈوکیٹ عارف علی نے عدالت کو بتایا کہ ملزم اظہر الدین کو کو ایک دوسرے ملزم کے بیان کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے جس کی ضمانت ہوچکی ہے نیز اس مقدمہ سے ملزم کا کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ملزم کسی بھی طرح کی غیر قانونی سرگرمیوں کا کبھی حصہ نہیں رہا ہے۔ایڈوکیٹ عارف علی نے عدالت کو مزید بتایا کہ جس ملزم نے اس کے بیان میں عرض گذار اظہر الدین کا نام لیا ہے اس ملزم کے بیان کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے ملزم کا بیان نہایت مشکوک ہے۔ایڈوکیٹ عارف علی نے عدالت کو مزید بتایا کہ اظہر الدین کے ساتھ مقدمہ کا سامنا کررہے دیگر ملزمین کی ڈیفالٹ ضمانت عرضداشتیں لکھنؤ ہائی کورٹ پہلے ہی منظور کرچکی ہے۔لہذا ملزم کو بھی ضمانت پر رہا کیا جائے۔اسی درمیان سرکاری وکیل نے ملزم اظہر الدین کی ضمانت پر رہائی کی عرضداشت ہائی کورٹ سے مسترد کیئے جانے کی گذارش کی اور کہا کہ ملزم دہشت گردی جیسے سنگین معاملے میں ملوث ہے ، اس کے خلاف تفتیشی ایجنسی نے پختہ ثبوت وشواہد جمع کیئے ہیں نیز یو اے پی اے قانون کے تحت دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث ملزمین کو ضمانت نہیں دی جاسکتی ہے لہذا ملزم کی ضمانت عرضداشت نا منظور کی جائے۔ فریقین کے دلائل کی سماعت کے بعد دو رکنی بینچ نے ملزم اظہر الدین کی ضمانت عرضداشت منظور کی۔ملزم اظہر الدین کی جانب سے داخل ضمانت عرضداشت پر لکھنؤ ہائی کورٹ میں 58/مرتبہ سماعت کے لیئے پیش ہوئی جس کے بعد گذشتہ کل عدالت نے اس کی ضمانت عرضداشت منظور کی۔واضح رہے کہ ملزم اظہر الدین کے ساتھ مقدمہ کا سامنا کررہے ملزمین پر استغاثہ نے القاعدہ برصغیر نامی دہشت گرد تنظیم کے مبینہ رکن ہونے کے الزام عائد کیئے ہیں۔

غیر قانونی ٹرانسپورٹ اور اوورلوڈنگ کے خلاف ریاست گیر انفورسمنٹ مہم جاری: محترمہ مالا شریواستو

لکھنؤ، 31 مئی۔ریاست میں ذیلی معدنیات کی غیر قانونی کان کنی، غیر قانونی ٹرانسپورٹ اور اوور لوڈنگ پر مؤثر روک تھام کے لیے جیولوجی اور مائننگ ڈپارٹمنٹ کی طرف سے بڑے پیمانے پر انفورسمنٹ مہم چلائی جارہی ہے۔ سکریٹری اور ڈائریکٹر، جیولوجی اور مائننگ ڈپارٹمنٹ، اتر پردیش محترمہ مالا شریواستو کی ہدایت پر ضلعی اور ڈائریکٹوریٹ کی سطح سے ماہِ اپریل، 2026 سے پوری ریاست میں مسلسل اور گہرائی سے جانچ کی مہم چلائی جارہی ہے۔مہم کے تحت مختلف اضلاع میں معدنیات لے جانے والی گاڑیوں کی گہرائی سے جانچ کی گئی۔ جانچ کے دوران زیادہ تر گاڑیاں قانونی ٹرانسپورٹ دستاویزات کے ساتھ معدنیات کی نقل وحمل کرتی ہوئی پائی گئیں۔وہیں جن گاڑیوں میں غیر قانونی ٹرانسپورٹ یا اوورلوڈنگ کی تصدیق ہوئی، ان کے خلاف ضابطے کے مطابق سخت کارروائی کی گئی۔اب تک کی کارروائی میں کل 7339 گاڑیوں پر کارروائی کرتے ہوئے 33 کروڑ 71 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ان میں سے 28 کروڑ 31 لاکھ روپے کی رقم متعلقہ فریقین سے جمع بھی کرائی جاچکی ہے۔مہم کا جائزہ لیتے ہوئے سکریٹری اور ڈائریکٹر جیولوجی اور مائننگ ڈپارٹمنٹ، اتر پردیش محترمہ مالا شریواستو نے بین ریاستی سرحدی اضلاع کے افسران کو ہدایت دی کہ دوسری ریاستوں سے آنے والی ذیلی معدنیات کی ٹرانسپورٹ صرف جائز آئی ایس ٹی پی (Inter-State Transit Pass) کے ذریعے ہی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی حالت میں اوورلوڈنگ نہ ہونے دی جائے۔انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ اضلاع میں چلنے والے کان کنی کے علاقوں کے سورس پوائنٹ پر ہی طے شدہ لوڈنگ کے معیارات کی سختی سے تعمیل کرائی جائے۔ اگر کسی بھی سطح پر بے ضابطگی یا قوانین کی خلاف ورزی کی شکایت موصول ہوتی ہے تو متعلقہ فرد کے خلاف سخت اور مؤثر کارروائی یقینی بنائی جائے۔

جوان دوست
Jawan Dost
www.jawandost.com

جوان دوست

مذہبی حساسیت کو سیاسی فائدے

ہمارا ملک ہمیشہ سے مختلف مذاہب، تہذیبوں اور ثقافتوں کا ایسا گہوارہ رہا ہے جہاں اختلاف کے باوجود باہمی احترام کی ایک روایت قائم رہی۔ اس سرزمین کی اصل شناخت اسی تنوع میں پوشیدہ ہے۔ یہاں صدیوں تک مسجدوں کی اذانیں اور مندروں کی گھنٹیاں ایک ساتھ سنائی دیتی رہیں اور عوام نے مذہبی فرق کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ زندگی گزاری۔ لیکن حالیہ برسوں میں ملک کے سماجی اور سیاسی ماحول میں ایک ایسی تبدیلی محسوس کی جا رہی ہے جس نے سنجیدہ طبقوں کو فکرمند کر دیا ہے۔ اب عبادت گاہیں صرف عبادت تک محدود نہیں رہیں بلکہ انہیں سیاسی مباحث، انتخابی حکمت عملیوں اور عوامی جذبات کو متاثر کرنے کے ذرائع کے طور پر استعمال کیا جانے لگا ہے۔ اتر پردیش کے ملیح آباد کے قصبہ کسمنڈی کلاں میں واقع مقبرہ والی مسجد کے تعلق سے پیدا ہونے والا تنازعہ اسی بدلتی ہوئی فضا کی ایک مثال ہے۔ ایک ایسا مقام جہاں برسوں سے لوگ عبادت کرتے آ رہے تھے، اچانک اس کے تاریخی وجود پر سوالات کھڑے کیے جانے لگے۔ کہیں اسے قدیم قلعہ قرار دیا گیا، کہیں اس کے نیچے مندر ہونے کے دعوے کیے گئے۔ اس کے بعد سوشل میڈیا پر ویڈیوز، جذباتی تقاریر اور اشتعال انگیز بیانات کا سلسلہ شروع ہوا جس نے ماحول کو متاثر کیا۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ مقامی سطح پر رہنے والے بہت سے ہندو اور مسلمان اس کشیدگی سے خود کو الگ رکھتے دکھائی دیے۔ ان کا کہنا تھا کہ برسوں تک وہاں کسی قسم کا تنازعہ نہیں تھا، مگر اب بیرونی عناصر ماحول میں تناؤ پیدا کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال صرف ایک مقام تک محدود نہیں۔ ملک کے مختلف حصوں میں اس نوعیت کے تنازعات مسلسل سامنے آ رہے ہیں۔ مدھیہ پردیش کی بھوج شالہ اور کمال مولی مسجد کا معاملہ ہو یا دیگر ریاستوں میں عبادت گاہوں سے متعلق نئے دعوے، ہر جگہ ایک ایسا ماحول بنتا جا رہا ہے جس میں مذہبی حساسیت کو سیاسی فائدے کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ بعض مقامات پر برسوں سے قائم مذہبی ہم آہنگی اچانک تنازعے میں تبدیل ہو جاتی ہے اور عوام کے اندر بے اعتمادی بڑھنے لگتی ہے۔ یہ بھی دیکھا جا رہا ہے کہ اب مسجدوں، مدرسوں، اذان، حجاب اور وقف املاک جیسے معاملات کو بار بار سیاسی گفتگو کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔ کہیں مدرسوں کی زمینوں پر سوال اٹھتے ہیں، کہیں اذان کو تنازعہ بنایا جاتا ہے، کہیں نماز کے اجتماعات پر اعتراض کیا جاتا ہے۔ اگر ان تمام واقعات کو الگ الگ دیکھا جائے تو شاید یہ عام سیاسی بیانات محسوس ہوں، مگر جب یہی واقعات تسلسل کے ساتھ سامنے آتے ہیں تو ایک بڑا سماجی رجحان واضح ہونے لگتا ہے۔ مسلمانوں کے اندر اس صورتحال نے بے چینی پیدا کی ہے۔ انہیں محسوس ہونے لگا ہے کہ ان کی مذہبی شناخت اور ادارے مسلسل سوالات کے دائرے میں لائے جا رہے ہیں۔ یہی احساس ایک نفسیاتی عدم تحفظ کو جنم دیتا ہے۔ جب کسی طبقے کو یہ لگنے لگے کہ اس کی عبادت گاہیں، اس کے تعلیمی مراکز اور اس کی مذہبی آزادی مسلسل دباؤ میں ہیں تو اس کے اثرات صرف سیاست تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے معاشرے کی نفسیات متاثر ہوتی ہے۔ دنیا کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی نفرت کی سیاست کو مسلسل فروغ دیا گیا، سماجی توازن کمزور ہوا۔ برما میں روہنگیا مسلمانوں کے خلاف پیدا ہونے والی فضا ابتدا میں محض نفرت انگیز بیانیوں تک محدود تھی، مگر رفتہ رفتہ حالات انتہائی سنگین شکل اختیار کر گئے۔ ہندوستان کا آئینی ڈھانچہ یقیناً مضبوط اور جمہوری ہے، لیکن ہر ذمہ دار شہری کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے کسی بھی رجحان کو سنجیدگی سے لے جو سماجی ہم آہنگی کو نقصان پہنچا سکتا ہو۔ اسی طرح فلسطین اور غزہ کے حالات بھی آج پوری دنیا میں زیر بحث ہیں۔ وہاں مسلسل خوف، محاصرہ اور عدم تحفظ کی جو کیفیت دیکھی جا رہی ہے، اس نے دنیا بھر کے مسلمانوں کو متاثر کیا ہے۔ ہندوستان کے بعض حلقوں میں بھی یہ احساس پیدا ہو رہا ہے کہ اگر مذہبی بنیادوں پر تقسیم کی سیاست مسلسل بڑھتی رہی تو یہاں بھی معاشرتی اعتماد کمزور پڑ سکتا ہے۔ اگرچہ ہندوستان کے حالات مختلف ہیں، مگر خوف کا احساس خود ایک بڑی حقیقت ہوتا ہے، اور جب کسی طبقے کے دل میں یہ احساس بیٹھ جائے کہ اس کی شناخت محفوظ نہیں تو سماج میں فاصلے بڑھنے لگتے ہیں۔ گجرات فسادات کی یاد آج بھی ملک کے اجتماعی شعور میں موجود ہے۔ وہ ایک ایسا سانحہ تھا جس نے ہندوستانی سیاست اور سماج دونوں پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ آج جب مختلف ریاستوں میں مذہبی تنازعات دوبارہ شدت اختیار کرتے نظر آتے ہیں تو یہ سوال فطری طور پر اٹھتا ہے کہ کہیں ملک دوبارہ اسی طرح کی کشیدگی کی طرف تو نہیں بڑھ رہا؟ افسوسناک پہلو یہ بھی ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل پس منظر میں جاتے محسوس ہو رہے ہیں۔ مہنگائی، بے روزگاری، تعلیم، صحت، کسانوں کی پریشانیاں اور نوجوانوں کا مستقبل جیسے اہم موضوعات سیاسی گفتگو میں کمزور پڑتے جا رہے ہیں۔ ان کی جگہ مذہبی تنازعات نے لے لی ہے۔ ہر انتخابی موسم میں کوئی نہ کوئی ایسا مسئلہ سامنے آ جاتا ہے جو عوامی جذبات کو مذہبی بنیادوں پر تقسیم کر دیتا ہے۔ ایسے حالات میں مسلمانوں سمیت تمام انصاف پسند طبقات کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہر قسم کی جدوجہد آئینی اور جمہوری دائرے کے اندر رہ کر کی جائے۔ اشتعال انگیزی، تصادم اور نفرت کا جواب نفرت سے دینا کسی بھی طور پر ملک و ملت کے مفاد میں نہیں۔ ہندوستان کا آئین اب بھی تمام شہریوں کے حقوق کا سب سے بڑا محافظ ہے۔ عدالتیں، قانون، جمہوری ادارے اور ووٹ کی طاقت ہی وہ راستہ ہیں جن کے ذریعے انصاف کی امید باقی رہتی ہے۔

حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے رشتوں میں غیر معمولی توسیع اور گہرائی پیدا ہوئی ہے

پروفیسر عتیق احمد فاروقی

ہندوستان اور اٹلی کے تعلقات ایک مفید اور مضبوط دور میں داخل ہو چکے ہیں۔ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے رشتوں میں غیر معمولی توسیع اور گہرائی پیدا ہوئی ہے۔ یہ تعلقات اب محض روایتی دوستی یا سفارتی مراسم تک محدود نہیں رہے بلکہ آزادی، جمہوری اقدار، باہمی احترام اور مستقبل کے مشترکہ نظریات پر مبنی ایک جامع تزویراتی شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ ایسے وقت میں جب دنیا کا سیاسی و معاشی نظام تیزی سے تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے، ہندوستان اور اٹلی کی قربت ایک نئی عالمی حقیقت کی علامت بن کر ابھر رہی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سیاسی، معاشی اور ادارہ جاتی سطح پر مسلسل تعاون بڑھ رہا ہے، اور یہ رشتہ اب ایک وسیع ترافق کی طرف پیش قدمی کر رہا ہے جس میں اقتصادی طاقت، سماجی تخلیقی صلاحیت، صنعتی مہارت اور ہزاروں برس پرانی تہذیبی وراثت شامل ہے۔ ہمارا باہمی تعاون اس مشترکہ شعور کا مظہر ہے کہ اکیسویں صدی میں خوش حالی، استحکام اور عالمی سلامتی اس بات پر منحصر ہوگی کہ ممالک تحقیق، اختراع، توانائی کی منتقلی اور تزویراتی خود کفالت میں کس قدر آگے بڑھتے ہیں۔ اسی مقصد کے تحت ہندوستان اور اٹلی نے اپنے دوطرفہ تعلقات کو مزید گہرا اور وسیع بنانے کا عزم کیا ہے تاکہ دونوں ممالک اپنی مشترکہ صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ اٹلی کے پاس اعلیٰ درجے کی ڈیزائننگ صلاحیت، صنعتی مہارت، عالمی معیار کی سپر کمپیوٹنگ ٹیکنالوجی اور جدید مینوفیکچرنگ کا تجربہ موجود ہے، جب کہ ہندوستان تیز رفتار اقتصادی ترقی، انجینئرنگ کی لیاقت، اختراعی ذہن اور لاکھوں اسٹارٹ اپس پر مشتمل متحرک صنعتی ایکو سسٹم کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دونوں ممالک مل کر ایک طاقتور اشتراک تشکیل دینا چاہتے ہیں۔ یہ محض دو معاشی نظاموں کا رسمی اتحاد نہیں بلکہ ایک ایسی مشترکہ قدر سازی ہے جس میں دونوں ممالک کی صنعتی قوتیں ایک دوسرے کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ یورپی یونین اور ہندوستان کے درمیان مجوزہ آزاد تجارتی معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھول سکتا ہے۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ 2029 تک ہندوستان اور اٹلی کے درمیان دوطرفہ تجارت کو 20 ارب یورو سے بھی آگے لے جایا جائے۔ اس ضمن میں دفاع، ایرو اسپیس، صاف ٹیکنالوجی، آٹوموبائل پرزہ جات، کیمیائی اشیا، دواسازی، ٹیکسٹائل، زرعی مصنوعات اور سیاحت جیسے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ صنعتی میدان میں اٹلی دنیا بھر میں نفیس مصنوعات اور معیاری انجینئرنگ کی علامت سمجھا جاتا ہے، اور آج اس کا فطری اشتراک ہندوستان کی ''میک اِن انڈیا'' مہم کے ساتھ واضح طور پر نظر آتا ہے۔ اسی تناظر میں ہندوستان میں اٹلی کی کمپنیوں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی اور اٹلی میں ہندوستانی صنعتوں کی مضبوط ہوتی موجودگی نہایت مثبت اشارہ ہے۔ دونوں ممالک کی کمپنیوں کی مجموعی تعداد اب ایک ہزار سے تجاوز کر چکی ہے، جو اس بڑھتی ہوئی شراکت داری کی عملی شکل ہے۔ اس سے عالمی سپلائی چین کو مزید مضبوطی حاصل ہوگی اور اقتصادی خودانحصاری کی نئی راہیں کھلیں گی۔ ٹیکنالوجی اور اختراع ہماری شراکت داری کی سب سے مضبوط بنیادوں میں شامل ہیں۔ آنے والے برسوں میں دنیا ایک عظیم تکنیکی انقلاب سے گزرنے والی ہے، جس میں مصنوعی ذہانت، کوانٹم کمپیوٹنگ، معیاری مینوفیکچرنگ، جدید مواد سازی اور ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے جیسے شعبے غیر معمولی اہمیت اختیار کریں گے۔ ہندوستان کے تیزی سے فروغ پاتے ہوئے تحقیقی نظام، باصلاحیت ماہرین اور وسیع افرادی قوت کے ساتھ اٹلی کی صنعتی مہارت ان شعبوں میں تعاون کو نہ صرف فطری بلکہ تزویراتی طور پر بھی ناگزیر بناتی ہے۔ دونوں ممالک کی یونیورسٹیوں، تحقیقی اداروں اور تکنیکی مراکز کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون اس رشتے کو مزید مضبوط کر رہا ہے۔ ہندوستان کا ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر، (ڈی پی آئی) آج دنیا کے کئی ممالک بالخصوص گلوبل ساؤتھ کے لیے کشش کا مرکز بن چکا ہے۔ مصنوعی ذہانت اب عالمی معیشت اور سماجی ڈھانچے پر گہرے اثرات مرتب کر رہی ہے، اور ہندوستان و اٹلی اس میدان میں طویل عرصے سے ذمہ دارانہ اور انسان دوست تعاون کے خواہاں ہیں۔ محفوظ ڈیجیٹل اشتراک، صلاحیت سازی، مضبوط سائبر ڈھانچے اور ڈیجیٹل نظام میں شفافیت کے ذریعے دونوں ممالک ایسا مساوی اور قابلِ اعتماد ڈیجیٹل ماحول قائم کرنا چاہتے ہیں جس میں ہر ملک مصنوعی ذہانت کے فوائد سے یکساں طور پر مستفید ہو سکے۔ یہی سوچ اٹلی کی جی-۷ رصدارت اور نئی دہلی میں منعقدہ 'اے آئی امپیکٹ سمٹ' کے بنیادی نظریات میں نمایاں نظر آتی ہے۔ ہندوستان اور اٹلی کا تعاون اب خلائی میدان تک وسیع ہو چکا ہے۔ خلائی تحقیق، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی اور جدید انجینئرنگ میں ہندوستان کی نمایاں کامیابیاں اور اٹلی کی سائنسی مہارت دونوں ممالک کو مشترکہ خلائی منصوبوں کے لیے موزوں شراکت دار بناتی ہیں۔ نئی نسل کی خلائی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مشاہدات، سیٹلائٹ مواصلات اور تحقیقی پروگراموں میں اشتراک مستقبل کے امکانات کو مزید روشن بنا سکتا ہے۔ قوموں کی خوش حالی اور پائیدار ترقی کے لیے امن و سلامتی بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی لیے ہندوستان اور اٹلی دفاع، سلامتی اور تزویراتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بھی تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتے ہیں۔ یہ اشتراک اہم سمندری راستوں کے تحفظ، دہشت گردی، بین الاقوامی جرائم، منشیات و اسلحہ کی اسمگلنگ، سائبر جرائم اور انسانی اسمگلنگ جیسے خطرات سے نمٹنے میں معاون ثابت ہوگا۔ بحرِ ہند اور بحیرۂ روم کے درمیان بڑھتی ہوئی تزویراتی اہمیت کے تناظر میں یہ تعاون عالمی استحکام کے لیے بھی اہم سمجھا جا رہا ہے۔ توانائی ہماری شراکت داری کا ایک اور اہم ستون ہے۔ ہندوستان اور اٹلی قابلِ تجدید توانائی، گرین ہائیڈروجن، اسمارٹ گرڈ، ماحول دوست انفراسٹرکچر اور توانائی کی پائیدار منتقلی جیسے شعبوں میں مل کر کام کر رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی آج پوری دنیا کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے، اور دونوں ممالک اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ مستقبل کی ترقی ماحول دوست پالیسیوں کے بغیر ممکن نہیں۔ مادی، ڈیجیٹل اور انسانی روابط ہی وہ حقیقی زنجیر ہیں جو اقوام کو ایک دوسرے سے جوڑتے ہیں۔ آج ہم ایک نئے 'انڈو-میڈیٹیرین' خطے کے ابھار کو دیکھ رہے ہیں، جو تجارت، توانائی، ڈیٹا اور خیالات کا ایک اہم عالمی گزرگاہ بنتا جا رہا ہے۔ بحرِ ہند سے یورپ تک پھیلے اس خطے میں ہندوستان اور اٹلی کا تعلق ایک منفرد تزویراتی شراکت داری کی صورت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ اسی تناظر میں 'انڈیا-مڈل ایسٹ-یورپ اکنامک کوریڈور' یعنی آئی ایم ای سی ایک نہایت اہم منصوبہ ہے، جس کا مقصد بنیادی ڈھانچے، ڈیجیٹل نیٹ ورک، توانائی کے نظام اور مضبوط سپلائی چین کے ذریعے مختلف خطوں کو آپس میں جوڑنا ہے۔ یہ منصوبہ مستقبل کی عالمی تجارت اور جغرافیائی سیاست میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہو سکتا ہے۔ ہندوستان اور اٹلی کے تعلقات صرف اقتصادی یا سیاسی مفادات تک محدود نہیں بلکہ تہذیبی اور انسانی اقدار پر بھی قائم ہیں۔ ہندوستانی فلسفہ 'وسودھیو کٹمبکم' یعنی 'ساری دنیا ایک خاندان ہے' آج کے باہم مربوط عالمی نظام میں پہلے سے کہیں زیادہ معنویت اختیار کر چکا ہے۔ یہی نظریہ انسانیت، وقار اور مشترکہ ذمہ داری کے احساس کو فروغ دیتا ہے۔ دوسری جانب اٹلی کی انسان دوست روایت، جس کی جڑیں نشاۃ ثانیہ کے دور میں پیوست ہیں، انسانی عظمت، تہذیبی ہم آہنگی اور سماجی اتحاد پر زور دیتی ہے۔ یہی مشترکہ قدریں دونوں ممالک کے تعلقات کو محض سفارتی سطح سے بلند کر کے ایک فکری اور تہذیبی رشتے میں تبدیل کرتی ہیں۔ آج جب دنیا تقسیم، تصادم اور غیر یقینی صورت حال سے دوچار ہے۔

سیاسی جلسوں میں جذباتی نعرے لگنے لگتے ہیں

ہندوستان میں جب بھی انتخابات قریب آتے ہیں، جب بھی حکومت عوامی مسائل کے دباؤ میں گھرتی ہے، جب بھی بے روزگاری، مہنگائی، کسانوں کی بدحالی، تعلیم اور صحت جیسے بنیادی سوالات شدت اختیار کرتے ہیں، اچانک "گائے" کا مسئلہ قومی بحث کا مرکز بنا دیا جاتا ہے۔ ٹی وی چینلوں پر شور مچنے لگتا ہے، سیاسی جلسوں میں جذباتی نعرے لگنے لگتے ہیں، سوشل میڈیا پر نفرت کا بازار گرم ہو جاتا ہے، اور پھر پورے ملک میں ایسا ماحول بنایا جاتا ہے جیسے ہندوستان کے سب سے بڑے مسائل صرف گائے اور اس سے جڑے مذہبی معاملات ہی ہوں۔ مگر سوال یہ ہے کہ اگر واقعی گائے اتنی مقدس ہے، اگر واقعی اسے "ماں" کا درجہ دیا جاتا ہے، اگر واقعی حکومت اور بعض سیاسی جماعتیں گائے کے تحفظ کو مذہبی اور قومی فریضہ سمجھتی ہیں، تو پھر آخر عملی سطح پر وہ اقدامات کیوں نہیں کیے جاتے جن سے گائے کی حقیقی حفاظت ممکن ہو سکے؟ یہ سوال آج ملک کا ہر باشعور شہری پوچھ رہا ہے۔ سب سے پہلی حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد اور مختلف مذہبی و سماجی حلقے بارہا یہ بات کہہ چکے ہیں کہ اگر گائے کو اکثریتی طبقہ مذہبی تقدس دیتا ہے تو ہم گائے کی قربانی سے اجتناب کر سکتے ہیں۔ کئی مسلم علما نے بھی سماجی امن اور بھائی چارے کے لیے احتیاط کا مشورہ دیا۔ مگر اس کے باوجود گائے کا مسئلہ ختم ہونے کے بجائے ہر سال مزید سیاسی بنتا جا رہا ہے۔ آخر کیوں؟ اگر واقعی مقصد گائے کا تحفظ ہوتا تو حکومت سب سے پہلے گائے پالنے والے کسانوں کی حالت بہتر کرتی۔ آج حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کا کسان سب سے زیادہ پریشان ہے۔ گائے پالنا اس کے لیے عبادت یا عقیدت سے زیادہ معاشی بوجھ بنتا جا رہا ہے۔ چارہ مہنگا ہے، دواؤں کا خرچ الگ، دیکھ بھال کا خرچ الگ، اور جب گائے دودھ دینا بند کر دیتی ہے تو اکثر کسان اسے پالنے سے عاجز ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہزاروں آوارہ مویشی سڑکوں پر گھومتے نظر آتے ہیں، فصلیں تباہ کرتے ہیں، حادثات کا سبب بنتے ہیں اور خود بھوک و بیماری کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر حکومت واقعی سنجیدہ ہوتی تو گائے پالنے والوں کے لیے خصوصی اسکیمیں لاتی، زمین دیتی، اضافی راشن دیتی، مفت چارہ فراہم کرتی، مستقل روزگار دیتی اور ایسا نظام بناتی کہ گائے پالنے والا عزت اور سہولت کے ساتھ اس کی دیکھ بھال کر سکے۔ مگر افسوس کہ ایسا نہیں کیا جاتا۔ کیوں؟ کیونکہ مسئلہ گائے کا کم اور سیاست کا زیادہ دکھائی دیتا ہے۔ ایک اور بڑا سوال یہ ہے کہ اگر گائے واقعی "ماں" ہے تو پھر دنیا میں سب سے زیادہ مویشی تجارت اور گوشت کی صنعت سے جڑا نام ہندوستان کیوں ہے؟ آخر ہندوستان سے دنیا بھر میں گوشت کی برآمدات کیوں ہوتی ہیں؟ کیوں اس صنعت میں بڑے بڑے سرمایہ دار، کمپنیاں اور کاروباری حلقے موجود ہیں؟ اور یہ بھی حقیقت ہے کہ اس پورے کاروبار کو صرف مسلمانوں سے جوڑ دینا حقیقت کے خلاف ہے۔ اس تجارت میں مختلف طبقات کے لوگ شامل ہیں، بڑی کمپنیاں ہیں، بڑے سرمایہ کار ہیں۔ اگر واقعی گائے کو ماں سمجھا جاتا ہے تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا کوئی اپنی ماں کی تجارت کرتا ہے؟ کیا کوئی اپنی ماں کا دودھ بازار میں بیچتا ہے؟ کیا کوئی اپنی ماں کو اس وقت چھوڑ دیتا ہے جب وہ کمزور ہو جائے؟ اگر گائے واقعی عقیدت اور احترام کا مسئلہ ہے تو پھر اس کے ساتھ معاشی مفاد اور تجارتی رویہ کیوں جڑا ہوا ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب جذباتی نعروں سے نہیں دیا جا سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ گائے کے نام پر ایک ایسا سیاسی ماحول بنایا گیا جس میں عام لوگوں کے جذبات کو بھڑکایا گیا، مگر عملی حل پر توجہ نہیں دی گئی۔ اگر حکومت واقعی گائے کے تحفظ میں سنجیدہ ہوتی تو وہ گائے کو قومی جانور قرار دینے پر سنجیدگی سے غور کرتی، پورے ملک میں یکساں اور واضح پالیسی بناتی، گاؤ شالاؤں کو مضبوط کرتی، کسانوں کو معاشی تحفظ دیتی اور گائے کی دیکھ بھال کے لیے ایک مستقل نظام قائم کرتی۔ مگر ایسا کرنے کے بجائے مسئلہ کو جذباتی اور انتخابی ہتھیار کے طور پر زیادہ استعمال کیا گیا۔ اس سیاست کا سب سے خطرناک پہلو یہ ہے کہ اس کے ذریعے سماج میں نفرت اور تقسیم پیدا ہوئی۔ گائے کے نام پر کئی مقامات پر ہجوم نے قانون اپنے ہاتھ میں لیا، لوگوں کو شک کی بنیاد پر نشانہ بنایا گیا، تشدد کے واقعات ہوئے، اور بعض بے گناہ لوگ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ملک میں قانون موجود ہے، عدالتیں موجود ہیں، حکومت موجود ہے، تو پھر ہجوم کو فیصلہ کرنے کا حق کس نے دیا؟ کیا یہی جمہوریت ہے؟ کیا یہی آئین کی روح ہے؟ اصل المیہ یہ ہے کہ گائے کے نام پر سیاست کرنے والے اکثر ان اصل مسائل پر خاموش نظر آتے ہیں جو خود گائے اور کسان دونوں کو تباہ کر رہے ہیں۔ کسان قرض میں ڈوبا ہوا ہے، مویشی پالنے والے پریشان ہیں، گاؤ شالائیں بدانتظامی کا شکار ہیں، سڑکوں پر آوارہ گائے حادثات کا سبب بن رہی ہیں، مگر ان مسائل پر سنجیدہ قومی بحث کم ہوتی ہے۔ اس کے بجائے مذہبی جذبات کو اس انداز میں استعمال کیا جاتا ہے کہ عوام اصل مسائل بھول جائیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہندوستان جیسے کثیر مذہبی ملک میں بقائے باہمی ہی اصل طاقت ہے۔ اگر ایک طبقہ دوسرے کے مذہبی جذبات کا احترام کرتا ہے تو دوسروں پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ انصاف، توازن اور دیانت کے ساتھ معاملات کو دیکھیں۔ مسلمانوں کی طرف سے بارہا یہ بات کہی گئی کہ ہم امن چاہتے ہیں، کشیدگی نہیں چاہتے، مگر اس کے باوجود اگر ہر مسئلے میں ایک ہی طبقے کو نشانہ بنایا جائے تو اس سے سماجی اعتماد کمزور ہوتا ہے۔ سوال صرف گائے کا نہیں، سوال نیت کا ہے۔ اگر مقصد واقعی جانوروں کا تحفظ، مذہبی احترام اور سماجی امن ہے تو پھر عملی اقدامات ہونے چاہئیں، نہ کہ صرف سیاسی نعرے۔ اور اگر مقصد صرف ووٹ، اقتدار اور جذباتی سیاست ہے تو پھر مسئلہ کبھی حل نہیں ہوگا بلکہ نفرت اور تقسیم مزید بڑھے گی۔ آج ہندوستان کو ضرورت ہے سنجیدہ سوچ کی، نہ کہ اشتعال انگیز سیاست کی۔ مذہبی جذبات کا احترام ہونا چاہیے۔

لیکن ذبح کا طریقہ معلوم نہیں ذبح کے مسائل سے نا آشنہ ہیں

ایام نحر میں امت محمد یہ کثیر تعداد میں حلال جانوروں کو راہ خدا میں قربان کرتے ہیں جن پر قربانی واجب ہے وہ اپنے ہاتھوں سے جانور ذبح کرنا چاہتے ہیں اور اپنے ہاتھوں سے ذبح کرنا افضل بھی ہے لیکن ذبح کا طریقہ معلوم نہیں ذبح کے مسائل سے نا آشنہ ہیں تو ضرور اس تحریر کو پڑھیں ہم آپ کو ذبح کے متعلق ضروری اور چنندہ مسائل پیش کریں گے جن سے آپ اپنی قربانی خود کر سکتے ہیں۔ بشکل سوال وجواب ذبح کے مسائل پیش خدمت ہیں۔ سوال۔ کیا حلال جانور ذبح کرنے کا حکم قرآن مجید میں موجود ہے. جواب۔ پارہ 8 سورہ انعام آیت نمبر 118 اللہ پاک قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے۔ تو کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا اگر تم اس کی آیتیں مانتے ہو، اس آیتِ کریمہ میں حلال جانوروں کو کھانے کا حکم دیا گیا ہے جس پر اللہ کا نام لیکر ذبح کیا گیا ہو ہر حلال جانور اللہ کا نام لیکر ذبح کیا جاتا ہے تب اس جانور کا کھانا مسلمان کے لئے حلال ہوتا ہے .سوال۔ کیا حرام جانور سے بچنے کا حکم قرآن مجید میں موجود ہے۔ جواب۔ سورہ انعام آیت نمبر 121 پارہ نمبر 8 قرآنِ مجید میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا، اور اسے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا، حلال جانور کو ذبح کرتے وقت اللہ کا نام نہ لیا گیا تو اس جانور کا کھانا حرام ہے۔ سوال۔ وہ کونسے جانور ہیں جو حرام ہیں۔ جواب۔ سورہ بقرہ آیت نمبر 173 پارہ نمبر 2 میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا، اس نے یہی تم پر حرام کئے ہیں مُردار اور خون اور سُور کا گوشت اور وہ جانور جو غیرِ خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا، بسم اللہ اللہ اکبر کی جگہ کسی دیوی دیوتا بُت و معبودانِ باطلہ کا نام لیکر ذبح کیا گیا تو وہ جانور حرام ہو گیا امتِ مسلمہ پر اس جانور کا کھانا حرام ہے۔ سوال۔ کیا جانور کو کسی کے نام سے منسوب کر سکتے ہیں۔ جواب۔ بعد نمازِ عیدالاضحیٰ صاحبِ نصاب اپنے نام سے بیوی بچوں کے نام سے بڑے جانور میں سات اشخاص کے نام سے قربانی کے جانور کو منسوب کرتے ہے کہ یہ فلاں کے نام سے یہ فلاں کے نام سے، اس طرح جانور کو کسی کے نام سے منسوب کرنا کیسا ہے تو اس کا جواب کنزالایمان پارہ نمبر 2 آیت نمبر 176 کی تفسیر میں صدرالافاضل مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلہ کو تحریر کرتے ہیں مسئلہ یہ ہے اگر ذبح اللہ کے نام پر کیا اور اس سے قبل یا بعد غیر خدا کا نام لیا مثلاً یہ کہا کہ یہ عقیقہ کا بکرا یا ولیمہ کا دنبہ یا جس کی طرف سے وہ ذبیحہ ہے اسی کا نام لیا یا جن اولیائے کرام کے لئے ایصال ثواب منظور ہے ان کا نام لیا تو یہ جائز ہے اس میں کچھ حرج نہیں (تفسیر احمدی) شرط بس اتنی ہے کہ وہ جانور اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے. سوال۔ وہ کونسے جانور ہیں جو بغیر ذبح بھی حلال ہیں۔ جواب۔ وہ دو جانور ہیں جو بغیر ذبح بھی حلال ہیں پہلی مچھلی دوسری ٹڈی یہ جانور بغیر ذبح بھی حلال ہیں۔ سوال۔ جو رگیں ذبح میں کاٹی جاتی ہیں وہ کتنی ہیں .جواب۔ ہر کوئی اپنے ہاتھوں سے ذبح کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ جو رگیں ذبح میں کاٹی جاتی ہیں وہ چار ہیں (1) حلقوم یہ وہ ہے جس میں سانس آتی جاتی ہے (2) مری اس سے کھانا پانی اترتا ہے 3.4 ان دونوں کے اغل بغل اور دو رگیں ہیں جن میں خون کی روانی ہے (درمختار) بہار شریعت حصہ پانزدہم صفحہ 118. مسئلہ۔ ذبح کی چار رگوں میں سے تین کا کٹ جانا کافی ہے یعنی اس صورت میں بھی جانور حلال ہو جائیگا سوال۔ کیا ہر کوئی ذبح کر سکتا ہے یعنی ذبح سے جانور حلال ہونے کے لئے بھی شرائط موجود ہیں۔ جواب۔ جی ہاں ذبح کرنے کے لیے بھی شرائط موجود ہیں اگر ذبح کرنے والے کے اندر یہ شرائط پائے گئے تو وہ جانور ذبح کر سکتا ہے (1) ذبح کرنے والا مسلم ہو (2) ذبح کرنے والا عاقل ہو (3) مجنون یا اتنا چھوٹا بچہ جو بے عقل ہو ان کا ذبیحہ جائز نہیں اور اگر چھوٹا بچہ ذبح کو سمجھتا ہو اور اس پر قدرت رکھتا ہو تو اس کا ذبیحہ حلال ہے . سوال۔ ذبح کرتے وقت کیا پڑھیں جس سے جانور حلال ہو جائے . جواب۔ ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کوئی نام ذکر کرے جانور حلال ہو جائے گا مثلاً بسم اللہ اللہ اکبر یا صرف اللہ اکبر کہے اللہ اعظم اللہ رحیم یا صرف اللہ یا رحمن یا رحیم کہے اسی طرح سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ پڑھنے سے بھی جانور حلال ہو جائے گا (فتاویٰ عالمگیری) مسئلہ۔ مستحب یہ ہے کہ ذبح کرتے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کہے سوال۔ ذبح کرتے وقت حلال جانور کا سر کٹ کر تن سے جدا ہو جائے تو کیا وہ ذبیحہ حلال ہے یا حرام جواب۔ ذبح کرتے وقت سر کٹ کر تن سے جدا ہو جائے تو یہ فعل مکروہ ہے یعنی سر کا کٹ جانا مکروہ ہے مگر وہ ذبیحہ کھایا جائے گا (بہارِ شریعت صفحہ 118 حصہ پانزدہم) سوال۔ گائے یا بکری ذبح کی اور اس کے پیٹ میں بچہ نکلا تو اس بچے کا کیا حکم ہے۔

آرسی بی اور گجرات کی نظر دوسری بار خطاب جیتنے پر

احمد آباد۔31 مئی۔آئی پی ایل 2026 کا فائنل رائل چیلنجرز بنگلورو (آرسی بی) اور گجرات ٹائٹنز (جی ٹی) کے درمیان کھیلا جائے گا۔جی ٹی اپنے ہی ہوم گراؤنڈ احمد آباد میں اترے گی، جہاں اس کی جیت کا تناسب 63 فیصد ہے اور یہ ٹیم کا تیسرا آئی پی ایل فائنل ہے۔اتفاق سے اس کے تینوں فائنل احمد آباد میں ہی کھیلے گئے ہیں۔دوسری طرف آرسی بی کی سب سے بڑی طاقت اس کی اجتماعی کارکردگی رہی ہے۔اس سیزن ٹیم کی 10 جیتوں میں 8 الگ الگ کھلاڑی پلیئر آف دی میچ ※ بنے ہیں۔آرسی بی نے کوالیفائر ایک میں جی ٹی کو بڑے فرق سے ہرایا تھا، اور اب جی ٹی کی ٹیم اس ہار کا بدلہ لیتے ہوئے اپنی دوسری ٹرافی حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔راشد خان بنام آرسی بی کے بلے باز فائنل میں جی ٹی کی امیدیں ایک بار پھر راشد خان پر ٹکی ہوں گی، کیونکہ آرسی بی کے کئی اہم بلے باز ان کے خلاف جدوجہد کرتے نظر آئے ہیں۔وراٹ کوہلی نے ٹی 20 کرکٹ میں راشد کے خلاف 12 اننگز میں 131 رن بنائے ہیں، لیکن تین بار اپنی وکٹ بھی گنوائی ہے۔دیودت پڈیکل کا ریکارڈ اس سے بھی کمزور رہا ہے؛ انہوں نے آئی پی ایل میں راشد کے سامنے نو اننگز میں صرف 40 رن بنائے ہیں اور پانچ بار آؤٹ ہوئے ہیں۔ٹم ڈیوڈ بھی 17 ٹی 20 اننگز میں راشد کے خلاف صرف 70 رن ہی بنا سکے ہیں، جبکہ تین بار آؤٹ ہوئے ہیں۔بھونیشور بنام بٹلر اور گلنئی گیند کے ساتھ آرسی بی کے لیے بھونیشور کمار سب سے بڑا ہتھیار ثابت ہو سکتے ہیں۔جی ٹی کے دونوں اہم بلے بازوں کے خلاف ان کا ریکارڈ شاندار رہا ہے۔شبھمن گل نے آئی پی ایل میں بھونیشور کے سامنے 14 اننگز میں صرف 80 رن بنائے ہیں اور چھ بار اپنی وکٹ گنوائی ہے، جبکہ ان کا اسٹرائیک ریٹ بھی محض 101 کا رہا ہے۔وہیں جوس بٹلر کا ریکارڈ بھی زیادہ بہتر نہیں ہے؛ ٹی 20 کرکٹ میں بٹلر نے بھونیشور کے خلاف 21 اننگز میں 123 رن بنائے ہیں، لیکن نو بار آؤٹ ہوئے ہیں۔سراج اور رباڈا کی جوڑی آرسی بی کے اوپری آرڈر کے سامنے فائنل میں محمد سراج اور گگیسو رباڈا کی جوڑی بڑا چیلنج پیش کر سکتی ہے۔ٹی 20 کرکٹ میں کوہلی نے رباڈا کے سامنے 17 اننگز میں 131 رن بنائے ہیں، لیکن پانچ بار آؤٹ بھی ہوئے ہیں۔وہیں پڈیکل کا ریکارڈ سراج کے خلاف بھی بہت مضبوط نہیں ہے؛ آئی پی ایل میں دونوں کے درمیان ہونے والے ٹکراؤ کی آٹھ اننگز میں پڈیکل نے 45 رن بنائے ہیں اور تین بار اپنی وکٹ گنوائی ہے۔فائنل میں جادوئی ریکارڈ والے ہیزل ووڈ آئی پی ایل پلے آف میں جوش ہیزل ووڈ نے صرف سات اننگز میں 14 وکٹیں حاصل کی ہیں اور ان کا اسٹرائیک ریٹ شاندار (6.11) رہا ہے۔سات پلے آف اننگز میں وہ پانچ بار دو یا اس سے زیادہ وکٹیں لے چکے ہیں۔سب سے دلچسپ ان کا فائنل کا ریکارڈ ہے؛ ہیزل ووڈ نے اب تک کھیلے گئے تمام پانچوں ٹی 20 فائنل اور چاروں ون ڈے فائنل جیتے ہیں، جن میں آئی پی ایل کے دو فائنل بھی شامل ہیں۔ایسے میں آرسی بی کو امید ہوگی کہ بڑے میچوں میں جیت دلانے کا ان کا یہ سنہرا سلسلہ احمد آباد میں بھی جاری رہے۔گل اور سائی سدرشن کی سپرہٹ جوڑی گل اور سائی سدرشن نے اس سیزن 15 اننگز میں 886 رن جوڑے ہیں، جو آئی پی ایل 2026 میں کسی بھی جوڑی کی جانب سے سب سے زیادہ ہیں۔اس دوران ان کی اوسط 3.63 اور اسٹرائیک ریٹ 177 کا رہا ہے، جبکہ چار سنچری اور دو نصف سنچری شراکت داریاں بھی دیکھنے کو ملی ہیں۔اس شراکت داری میں دونوں کا تعاون تقریباً برابر رہا ہے، لیکن گل نے 173 کے اسٹرائیک ریٹ سے 421 رن بنا کر تھوڑا زیادہ جارحانہ کردار ادا کیا ہے، جبکہ سائی نے 156 کے اسٹرائیک ریٹ سے 406 رن جوڑے ہیں۔آرسی بی کے خلاف بھی یہ جوڑی تین اننگز میں 187 رن بنا چکی ہے اور احمد آباد میں تو ان کا ریکارڈ اور بھی شاندار ہے، جہاں 23 اننگز میں انہوں نے 1384 رن بنائے ہیں۔سپر سیکریٹ فیکٹر آئی پی ایل 2026 میں جب جب گل اور سدرشن کی جوڑی پانچویں اوور کے بعد تک کریز پر موجود رہی ہے، تب تب جی ٹی نے سات میں سے چھ میچ جیتے ہیں اور صرف ایک میں ہار کا سامنا کیا ہے۔اس کے برعکس جب یہ شراکت داری پانچویں اوور سے پہلے ٹوٹ گئی، تب ٹیم کا ریکارڈ چار جیت اور چار ہار کا رہا ہے۔یہ اعداد و شمار دکھاتے ہیں کہ جی ٹی کے لیے شروعاتی وکٹ کتنا بڑا فیکٹر ہے۔فائنل میں آرسی بی کی کوشش نئی گیند سے گل یا سائی میں سے کسی ایک کو جلدی آؤٹ کرنے کی ہوگی۔ہولڈر کو دو وکٹیں نہیں دینا ہیں کوالیفائر 1 اور کوالیفائر 2 دونوں میں جیسن ہولڈر نے دو دو وکٹیں حاصل کی تھیں۔آئی پی ایل 2026 میں ہولڈر نے 10 اننگز میں 17 وکٹیں چٹکائی ہیں، جو آئی پی ایل کے کسی ایک سیزن میں ان کی بہترین کارکردگی ہے۔ان کا اکانومی ریٹ 5.7 ہے، جو کم از کم 30 اوور پھینکنے والے گیند بازوں میں اس سیزن دوسرا بہترین ہے۔سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ جب بھی ہولڈر نے دو یا اس سے زیادہ وکٹیں لیں، تب جی ٹی نے چھ میں سے پانچ میچ جیتے ہیں۔احمد آباد میں ان کا ریکارڈ اور بھی خطرناک ہے، جہاں چار اننگز میں وہ نو وکٹیں لے چکے ہیں اور ان کا اسٹرائیک ریٹ صرف 3.9 کا ہے۔آرسی بی کے خلاف بھی ان کے اعداد و شمار شاندار ہیں، جہاں انہوں نے 10 آئی پی ایل اننگز میں 16 وکٹیں حاصل کی ہیں۔کوہلی کا ایک اور شاندار سیزن کوہلی نے آئی پی ایل 2026 میں ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ ان کی عمر بڑھ سکتی ہے، لیکن مستقل مزاجی میں کوئی کمی نہیں آتی۔اس سیزن 15 اننگز میں 600 رن بنا کر انہوں نے آئی پی ایل میں چھٹی بار 600 سے زیادہ رنوں کا ہندسہ عبور کیا ہے۔ساتھ ہی لگاتار چوتھے سیزن میں یہ کامیابی حاصل کرنے والے وہ پہلے بلے باز بن گئے ہیں۔اس بار ان کی بلے بازی کی سب سے بڑی خصوصیت پاور پلے میں جارحیت رہی ہے، جہاں انہوں میں 168 کے اسٹرائیک ریٹ سے 325 رن بنائے ہیں۔حالانکہ آئی پی ایل پلے آف میں ان کے مجموعی اعداد و شمار عام رہے ہیں، لیکن بڑے فائنل مقابلوں میں ان کا ریکارڈ کافی متاثر کن ہے۔ٹی 20 فائنل کی آٹھ اننگز میں انہوں نے 1.49 کی اوسط سے 344 رن بنائے ہیں، جس میں تین نصف سنچریاں شامل ہیں۔

سوریاونشی کو جلد ہی ہندوستانی ٹیم سے بلاوا آئے گا: سنگا کارا

نیو چنڈی گڑھ۔ 31 مئی۔ راجستھان رائلز (آر آر) کے ہیڈ کوچ کمار سنگا کارا کا ماننا ہے کہ ویبھو سوریاونشی اب بین الاقوامی کرکٹ کھیلنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔آئی پی ایل 2026 میں اس نوجوان بلے باز کی کارکردگی کو قریب سے دیکھنے کے بعد سنگا کارا کو لگتا ہے کہ جلد ہی انہیں ہندوستانی ٹیم میں شامل کر لیا جائے گا۔سوریاونشی نے آئی پی ایل 2026 میں 16 اننگز میں 776 رن بنائے۔اس دوران ان کا اسٹرائیک ریٹ 30.237 رہا اور ان میں سے 684 رن صرف چوکوں اور چھکوں کی مدد سے آئے۔کوالیفائر 2 میں گجرات ٹائٹنز (جی ٹی) سے ہار کے بعد سنگا کارا نے کہا، "ویبھو نے دنیا کے چند بہترین گیند بازوں کے خلاف جس طرح کا مظاہرہ کیا ہے، اسے دیکھتے ہوئے مجھے لگتا ہے کہ وہ کسی بھی چیلنج کے لیے تیار ہیں۔مجھے پورا بھروسہ ہے کہ انہیں بہت جلد ٹیم انڈیا سے بلاوا آئے گا۔انہوں نے کافی پختگی (میچورٹی) کے ساتھ بلے بازی کی ہے اور اس سیزن اوپنر کی ذمہ داری شاندار طریقے سے نبھائی ہے۔" ہفتہ کے روز نیو چنڈی گڑھ کی دوہری رفتار (ڈبل پیس) والی پچ پر جی ٹی کے طویل قامت تیز گیند بازوں نے سوریاونشی کو لگاتار شارٹ گیندوں سے پرکھا۔لیکن ابتدائی چیلنج کا سامنا کرنے کے بعد انہوں نے 47 گیندوں میں 96 رنوں کی شاندار اننگز کھیلی۔دوسرے اینڈ سے وکٹیں گرتی رہیں، پھر بھی انہوں نے اننگز کو سنبھالے رکھا۔سنگا کارا ان کے دباؤ میں پرسکون رہنے کی خوبی سے کافی متاثر دکھے۔انہوں نے کہا، "ہم نے ان کے لیے ایک واضح پلان بنایا ہوا ہے۔ہم ان کے دماغ میں بہت زیادہ باتیں نہیں بھرتے۔وہ ہماری تمام ٹیم میٹنگز میں شامل ہوتے ہیں، اپنی رائے دیتے ہیں اور دھیان سے سب کچھ سنتے بھی ہیں۔وہ کافی تیاری کرتے ہیں، گیند بازوں کو اچھی طرح پڑھتے ہیں، ان کے ویڈیوز دیکھتے ہیں اور خود کو بہترین طریقے سے تیار کرتے ہیں۔اس لیے ہم ان کے دماغ میں کوئی غیر ضروری خیال نہیں ڈالنا چاہتے۔واضح سوچ اور بے خوف بلے بازی ہی ہم ان سے دیکھنا چاہتے ہیں۔" اس سیزن آر آر کو کئی چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا۔سیم کرن چوٹ کے باعث پورا ٹورنامنٹ نہیں کھیل سکے، جبکہ کپتان ریان پراگ اور رویندر جڈیجہ بھی سیزن کے آخری حصے میں چوٹوں سے سامنا کرتے رہے۔اس کے باوجود سنگا کارا نوجوان گیند بازوں برجیش شرما اور یش راج پنجا کی کارکردگی سے کافی خوش ہیں، جنہوں نے ڈومیسٹک ٹی 20 کرکٹ سے سیدھے آئی پی ایل میں آ کر خود کو ثابت کیا۔سنگا کارا نے کہا، "مجھے لگتا ہے کہ ہر کھلاڑی کو خود پر فخر ہونا چاہیے۔یش کا سیزن شاندار رہا اور برجیش نے بھی بہت اچھا مظاہرہ کیا۔ریان، دھرو جوریل، ڈونووِن فیرا، جوفرا آرچر، جڈیجہ اور کچھ میچوں میں شبھم دوبے نے بھی ٹیم کے لیے اہم تعاون دیا۔" انہوں نے آگے کہا، "ہر کھلاڑی نے اپنا بہترین دینے کی کوشش کی۔پچھلے سال ہم نویں نمبر پر رہے تھے۔وہاں سے یہاں تک پہنچنا اپنے آپ میں بڑی بات ہے۔مجھے لگتا ہے کہ اس ٹیم میں ابھی اور بھی بہت کچھ باقی ہے۔میں اس ٹیم پر جتنا فخر ابھی محسوس کر رہا ہوں، اتنا شاید پہلے کبھی نہیں کیا۔یہ شاندار کھلاڑیوں کا گروپ ہے۔تمام بے حد باصلاحیت ہیں اور یہاں تک پہنچنے کے لیے انہوں نے کڑی محنت کی۔بدقسمتی سے ہم فائنل میں نہیں پہنچ سکے۔" سنگا کارا نے آئی پی ایل کپتان کے طور پر ریان پراگ کے پہلے پورے سیزن کی بھی جم کر تعریف کی۔انہوں نے کہا، "مجھے لگتا ہے کہ کپتان کے طور پر ریان کا پہلا سیزن شاندار رہا۔اس نے ٹیم کو بہترین طریقے سے سنبھالا اور میدان پر بھی اچھے فیصلے کیے۔باقی کھلاڑی بھی سیکھیں گے اور ہم اگلے سیزن زیادہ مضبوط ہو کر لوٹیں گے۔" سنگا کارا نے آخر میں کہا، "مجھے لگتا ہے کہ ٹورنامنٹ کی شروعات میں شاید کسی نے بھی ہمیں پلے آف تک پہنچنے کا دعویدار نہیں مانا تھا۔لیکن یہ دکھاتا ہے کہ اگر آپ محنت کرتے ہیں، اچھا کرکٹ کھیلتے ہیں اور کھیل کا لطف اٹھاتے ہیں، تو آپ کچھ خاص حاصل کر سکتے ہیں۔"

جدوجہد اور لگن کا سبق سکھاتا ہے کھیل: ریکھا آریہ

دہرادون۔31 مئی۔اتراکھنڈ کی کھیل اور نوجوانوں کے معاملات کی وزیر ریکھا آریہ نے ہفتہ کے روز پریڈ گراؤنڈ میں واقع ملٹی پرپز ہال میں اسٹیٹ سیکریٹریٹ بیڈمنٹن کلب کے زیرِ اہتمام منعقدہ سالانہ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2026 کا افتتاح کیا۔اس ٹورنامنٹ میں 200 سے زائد کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔محترمہ آریہ نے اس موقع پر کہا کہ سیکریٹریٹ کے ملازمین اور افسران کی جانب سے آج اتوار کی چھٹی کے دن منعقد کی جانے والی یہ گوناں گوں تقریب ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ کام جتنا ضروری ہے، کھیل بھی جسم کے لیے اتنا ہی لازم ہے۔انہوں نے کہا کہ کھیل ہمیں محنت، جدوجہد اور لگن جیسی خوبیاں سکھاتا ہے جو زندگی بھر ہمارے کام آتی ہیں۔وزیر کھیل نے کہا کہ نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد کے بعد ریاست میں ایک ایسے کھیل کے کلچر نے جنم لیا ہے کہ اب ہمارا کوئی بھی اسٹیڈیم ایک دن کے لیے بھی سونا نہیں رہتا۔ہر جگہ کھلاڑی باقاعدگی سے مشق (پریکٹس) کرنے آ رہے ہیں اور ریاستی و قومی سطح کے کھیلوں کے مقابلے مسلسل منعقد ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کھیلوں اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے اپنے عزم کو پورا کرنے میں مصروف ہے، اور میڈل جیتنے والوں کو سرکاری ملازمتوں میں چار فیصد ریزرویشن اور آؤٹ آف ٹرن سرکاری نوکری جیسے اقدامات نے نوجوانوں کو کھیل کو بطور کریئر اپنانے کی ترغیب دی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اتراکھنڈ میں جس طرح سے بین الاقوامی سطح کا اسپورٹس انفراسٹرکچر تیار ہوا ہے، اسے دیکھتے ہوئے ہم امید کر سکتے ہیں کہ آنے والے وقت میں ہمیں کامن ویلتھ اور اولمپکس جیسے کھیلوں کے کچھ مقابلوں کی میزبانی کا موقع بھی مل سکتا ہے۔اس موقع پر کلب کے صدر ہیرا سنگھ، جنرل سکریٹری پرمود کمار، انچارج ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر رویندر بھنڈاری، بھوپیندر بسیڑا، ستیندر سنگھ سجوان، بین الاقوامی بیڈمنٹن کھلاڑی پنیتا، سنجے جوشی اور دیگر معززین موجود تھے۔

ونیش پھوگاٹ نے ایشین گیمز ٹرائلز میں پہلا اور دوسرا مقابلہ جیت لیا

نئی دہلی۔ 31 مئی۔ اولمپین خاتون پہلوان ونیش پھوگاٹ نے ایشین گیمز سلیکشن ٹرائلز میں ہفتہ کے روز 53 کلوگرام کے شروعاتی مقابلے میں ہریانہ کی جیوتی اور اس کے بعد ہوئے دوسرے مقابلے میں نیشو کو ہرا کر اپنی واپسی کی امید کو زندہ رکھا۔آج یہاں اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں خواتین کے 53 کلوگرام زمرے کے پہلے مقابلے میں ونیش پھوگاٹ نے ہریانہ کی جیوتی کو 7-1 سے شکست دی۔اس کے بعد کھیلے گئے سیمی فائنل میں انہوں نے نیشو کو ہرایا۔اسکور 6-6 سے برابر رہنے پر ونیش طے شدہ معیار کی بنیاد پر آگے نکل گئیں۔نیشو نے ٹیک ڈاؤن ※ کی کوشش کی لیکن انہیں پوائنٹس نہیں دیے گئے۔نیشو کے کوچ نے اس فیصلے کو چیلنج کیا لیکن وہ ہار گئے اور ونیش راحت کی سانس لیتے ہوئے میٹ سے باہر آ گئیں۔فیصلے سے حیران ہو کر نیشو نے ریفری اور ونیش سے ہاتھ ملانے سے انکار کر دیا اور کافی دیر تک میٹ پر جذباتی ہو کر کھڑی رہیں۔اب ونیش کا مقابلہ میناکشی گوئت سے ہوگا۔ٹورنامنٹ شروع ہونے سے پہلے ہی ٹرائلز میں کچھ ڈرامائی صورتحال دیکھنے کو ملی، کیونکہ ونیش اور ان کے شوہر سومویر راٹھی کی وینیو (اسٹیڈیم) میں انٹری کو لے کر سکیورٹی اہلکاروں سے بحث ہو گئی تھی۔بعد میں معاملہ سلجھ گیا اور انہیں اسٹیڈیم میں جانے دیا گیا۔ویٹ ان (وزن کرنے کے) عمل کے دوران ایک نیا تنازع تب سامنے آیا جب ونیش کو شروع میں 50 کلوگرام ویٹ کیٹیگری میں رکھا گیا تھا۔خاتون پہلوان نے اس پر اعتراض ظاہر کیا اور کہا کہ وہ اپنے پسندیدہ 53 کلوگرام ڈویژن میں مقابلہ کرنا چاہتی ہیں۔ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا کے صدر سنجے سنگھ کی مداخلت کے بعد، ان کا وزن 53 کلوگرام کیٹیگری میں درج کیا گیا، جس سے انہیں ٹرائلز میں حصہ لینے کی اجازت مل گئی۔اسٹیڈیم کی تصویروں میں ونیش میٹ پر وارم اپ کرتی اور مقابلے سے پہلے اپنے کوچ اور سپورٹ اسٹاف کے ساتھ حکمتِ عملی پر بات کرتی نظر آئیں۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے، ونیش نے اس پورے عمل پر ناخوشی کا اظہار کیا، اور دعویٰ کیا کہ انہیں ویٹ ان کے لیے تقریباً ایک گھنٹے تک انتظار کرنا پڑا اور اجازت ملنے سے پہلے کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ وہ اپنی ڈائیٹ اور کھانے کا انتظام خود لائی تھیں، اور مزید کہا کہ وہ ابھی بھی اپنی لڑائی لڑ رہی ہیں۔سپریم کورٹ سے ونیش کو حصہ لینے کی اجازت ملنے کے ایک دن بعد یہ ٹرائلز ہوئے۔28 مئی کو، ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا نے ٹرائلز میں ان کے حصہ لینے پر روک لگانے کے لیے سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹایا تھا۔حالانکہ، جسٹس پی ایس نرسمہا اور آلوکارادھے کے بنچ نے وہ عرضی خارج کر دی، جس سے ان کے شامل ہونے کا راستہ صاف ہو گیا۔ڈبلیو ایف آئی نے بعد میں کہا کہ ونیش، باقی تمام اہل (ایلیجیبل) پہلوانوں کے ساتھ ویٹ ان کے لیے رپورٹ ہوئیں اور ضروری کاغذی کارروائی پوری کی۔فیڈریشن نے کہا کہ تمام طے شدہ شرائط پوری کرنے کے بعد انہیں سلیکشن ٹرائلز میں حصہ لینے کی اجازت دی گئی۔واضح رہے کہ 53 کلوگرام کیٹیگری میں ریلوے کی پہلوان انتم پنگھال بھی موجود ہیں، جس سے سلیکشن کے لیے مقابلہ خاص طور پر سخت ہو گیا ہے۔ونیش کی شروعاتی حریف، ہریانہ کے حصار ضلع کی جیوتی سہاگ کا ریکارڈ شاندار رہا ہے۔انہوں نے 2024 میں اسپورٹس کوٹے سے آرمی میں ملازمت حاصل کی اور اس سے پہلے ایشین چیمپئن شپ میں سلور میڈل اور آل انڈیا یونیورسٹی چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیتا ہے، اس کے علاوہ انہوں نے نیشنل لیول پر کئی اور میڈلز بھی اپنے نام کیے ہیں۔

دوسری بار ہٹ وکٹ ہونے پر سائی سدرشن نے کہا

اب مجھے کسی گرپ ٹیکنالوجی کا استعمال کرنا ہوگا

نیو چنڈی گڑھ۔ 31 مئی۔: ایک بار ہٹ وکٹ ہونا بدقسمتی مانا جا سکتا ہے، لیکن لگاتار دو میچوں میں ایسا ہونا بے حد عجیب واقعہ ہے۔گجرات ٹائٹنز (جی ٹی) کے اوپنر سائی سدرشن اب اپنے ٹی 20 کریئر میں تیسری بار ہٹ وکٹ آؤٹ ہونے کے بعد ایک ناپسندیدہ ریکارڈ کا حصہ بن گئے ہیں۔حالانکہ راجستھان رائلز کے خلاف کوالیفائر 2 میں جیت اور ٹیم کے آئی پی ایل 2026 کے فائنل میں پہنچنے کے بعد وہ اس بات پر ہنستے ہوئے بھی نظر آئے۔سدرشن نے کہا، "مجھے لگتا ہے اب کچھ نیا ٹرائی کرنا پڑے گا۔اب شاید میں کچھ گرپ ٹیکنالوجی آزماؤں گا۔کچھ گیندیں کھیل کر دیکھوں گا کہ کیا فرق پڑتا ہے۔لیکن سچ کہوں تو میرے پاس بھی اس کا کوئی جواب نہیں ہے کہ ایسا کیسے ہوا۔" آرسی بی کے خلاف کوالیفائر 1 میں سدرشن اچھی لے میں دکھ رہے تھے۔لیکن تیسرے اوور میں جیکب ڈفی کی گیند پر کٹ شاٹ کھیلتے وقت ان کا بلّا ہاتھ سے چھوٹ گیا۔گیند باؤنڈری تک پہنچی، اس سے پہلے بلّا اچھل کر لیگ اسٹمپ سے ٹکرا گیا اور وہ ہٹ وکٹ آؤٹ ہو گئے۔راجستھان رائلز کے خلاف مقابلے میں بھی تقریباً وہی نظارہ دیکھنے کو ملا۔215 رنوں کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے سدرشن ایک اور بڑی اننگز کی طرف بڑھ رہے تھے۔انہوں نے شبھمن گل کے ساتھ شاندار اوپننگ شراکت داری کی اور صرف 32 گیندوں میں 58 رن بنا ڈالے۔لیکن برجیش شرما کی لوفل ٹاس گیند کو آف سائیڈ میں ڈرائیو کرنے کے دوران ان کا بلّا پھر ہاتھ سے نکل گیا اور سیدھے اسٹمپس پر جا لگا۔سدرشن حیرانی میں سر جھکائے واپس لوٹے، جبکہ دوسرے اینڈ پر کھڑے گل گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور یقین نہیں کر پائے کہ ابھی کیا ہوا ہے۔سائی سدرشن پہلی بار 2022 میں بریبورن اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینز کے خلاف ہٹ وکٹ ہوئے تھے۔ٹی 20 کرکٹ میں اب ان کے ساتھ صرف آندرے رسل اور شعیب ملک ہی ایسے بلے باز ہیں جو تین بار ہٹ وکٹ آؤٹ ہوئے ہیں۔سدرشن نے مزاحیہ انداز میں کہا، "پچھلے میچ میں بلّا کچھ بار اچھلا اور پھر اسٹمپس سے ٹکرایا تھا۔لیکن اس بار تو شاید اس نے سیدھے وکٹ سے ٹکرانے کا ارادہ کر لیا تھا۔" سدرشن اور گل نے پہلے وکٹ کے لیے 167 رن جوڑ کر جی ٹی کی 215 رنوں کے ہدف کی راہ آسان کر دی۔گل نے بھی مانا کہ وہ خود اس طرح آؤٹ ہونے کو سمجھ نہیں پائے۔گل نے کہا، "میں نے اپنی زندگی میں ایسا کبھی نہیں دیکھا۔لگاتار دو میچوں میں بالکل اسی طرح آؤٹ ہونا۔میں نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو دیکھا تھا جس میں وہ اپنے ہاتھوں پر ٹیپ لگا رہے تھے۔شاید اگلے میچ میں مجھے بھی ایسا کرنا پڑے۔" جی ٹی کی کامیابی میں دونوں اوپنروں کی شراکت داری سب سے بڑی وجہ رہی ہے۔آئی پی ایل 2026 میں اب تک دونوں چار سنچری شراکت داریاں کر چکے ہیں اور دونوں کے 700 سے زیادہ رن ہو چکے ہیں۔گل نے کہا، "ایمانداری سے کہوں تو ہم دونوں ایک دوسرے کے کھیل کو بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ہماری بات چیت بہت اچھی رہتی ہے۔ہمیں پتہ ہوتا ہے کہ کس گیند باز پر کسے حملہ کرنا ہے۔یہی ہماری شراکت داری کی سب سے بڑی طاقت ہے۔" سدرشن نے بھی مانا کہ وقت کے ساتھ ان کی اور گل کی سمجھ بہتر ہوئی ہے۔انہوں نے کہا، "یہ شراکت داری ہر سال اور بہتر ہوئی ہے۔جی ٹی کے ساتھ شروعاتی برسوں میں مجھے کافی تجربہ ملا۔اس سے سمجھ آیا کہ مجھے کن شعبوں میں سدھار کرنا ہے۔اس سیزن میں بھی کئی ایسی چیزیں ہیں جن پر مجھے کام کرنا ہے اور میں اگلے سیزن اس سے بہتر ہو کر لوٹنا چاہتا ہوں۔"

سوریاونشی نے 440 گیندوں میں آئی پی ایل میں 1000 رن پورے کیے

نئی دہلی۔ 31 مئی۔ نوجوان بلے بازی سنسنی ویبھو سوریاونشی نے آئی پی ایل میں سب سے کم گیندوں پر 1000 رن پورے کر لیے ہیں۔انہوں نے اس سنگِ میل تک پہنچنے کے لیے صرف 440 گیندیں کھیلیں، جو کہ تاریخ میں سب سے تیز ترین ہے۔ان سے پہلے آندرے رسل سب سے تیز تھے، جنہوں نے 1000 رنوں کے لیے 545 گیندیں کھیلی تھیں۔اننگز کے لحاظ سے سوریاونشی آئی پی ایل میں 1000 رن بنانے والے دوسرے سب سے تیز بلے باز بن گئے ہیں۔شان مارش نے صرف 21 اننگز میں یہ مقام حاصل کیا تھا، جبکہ لینڈل سیمنز نے 23 اننگز میں یہ کارنامہ انجام دیا تھا جو اب سوریاونشی کے برابر ہے۔آئی پی ایل 2026 میں سوریاونشی نے مجموعی طور پر 135 باؤنڈریز لگائیں، جس میں ریکارڈ 72 چھکے شامل ہیں۔یہ کسی بھی ٹی 20 ٹورنامنٹ میں کسی بھی بلے باز کی جانب سے لگائے گئے سب سے زیادہ چھکے ہیں۔اس سے قبل آئی پی ایل 2022 میں جوس بٹلر نے سب سے زیادہ 128 باؤنڈریز لگائی تھیں، جن میں 83 چوکے اور 45 چھکے شامل تھے۔سوریاونشی نے آئی پی ایل 2026 کی 16 اننگز میں 776 رن بنائے۔اس دوران ان کا اسٹرائیک ریٹ 30.237 رہا اور ان رنوں میں سے 684 رن صرف چوکوں اور چھکوں کی مدد سے آئے۔سوریاونشی اپنی آخری چار اننگز میں تین بار نروس نائنٹیز (90 سے 99 رن کے درمیان) کا شکار ہو کر آؤٹ ہوئے ہیں۔

پاکستان کی مہمان نوازی ہمیشہ متاثر کرتی ہے، آسٹریلوی کپتان

راولپنڈی۔31 مئی۔آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے کپتان جوش انگلس نے کہا ہے کہ پاکستان کی مہمان نوازی ہمیشہ شاندار رہی ہے اور اسی وجہ سے انہیں یہاں آنا پسند ہے۔پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج راولپنڈی میں کھیلا جائے گا، جبکہ دونوں ٹیموں کے کپتانوں نے میچ سے قبل ٹرافی کی رونمائی بھی کی۔راولپنڈی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے جوش انگلس نے کہا کہ پاکستان کی میزبانی ہمیشہ بہترین رہی ہے اور یہاں کھیلنا خوشگوار تجربہ ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک مضبوط ٹیم ہے اور اسے ہرگز آسان نہیں لیا جا سکتا۔آسٹریلوی کپتان کا کہنا تھا کہ گرم موسم میں کرکٹ کھیلنا ہمیشہ ایک چیلنج ہوتا ہے، تاہم خوش آئند بات یہ ہے کہ میچ شروع ہونے کے وقت موسم نسبتاً بہتر ہو جاتا ہے۔

The daily Jawandost Oner, publisher, editor (Yogendra Vishwakarma) on behalf of Tarunmitra Media Pvt. Ltd, Printed at Media text Pvt. Ltd. Rohania GT Road Varanasi, and published from 47 Dhanidharpur jaunpur 222001.Regident Editor- Nazia Begum. RNI No. 47950/1989 Email-jawandostud@gmail.com www.jawandost.com, Phone 8808052925.